# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 20 فروری 2015ء بمطابق 30 ربیع الثانی 1436 ہجری بعد از دوپہر دو بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

لَّا يَسۡـَٔمُ ٱلۡإِنسَٰنُ مِن دُعَآءِ ٱلۡخَيۡرِ وَإِن مَّسَّهُ ٱلشَّرُّ فَيَـُٔوسٞ قَنُوطٞO وَلَئِنۡ أَذَقۡنَٰهُ رَحۡمَةٗ مِّنَّا مِنۢ بَعۡدِ ضَرَّآءَ مَسَّتۡهُ لَيَقُولَنَّ هَٰذَا لِي وَمَآ أَظُنُّ ٱلسَّاعَةَ قَآئِمَةٗ وَلَئِن رُّجِعۡتُ إِلَىٰ رَبِّيٓ إِنَّ لِي عِندَهُۥ لَلۡحُسۡنَىٰۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بِمَا عَمِلُواْ وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنۡ عَذَابٍ غَلِيظٖO وَإِذَآ أَنۡعَمۡنَا عَلَى ٱلۡإِنسَٰنِ أَعۡرَضَ وَنَـَٔا بِجَانِبِهِۦ وَإِذَا مَسَّهُ ٱلشَّرُّ فَذُو دُعَآءٍ عَرِيضٖ۔

(ترجمہ): انسان بھلائی کی دعائیں کرتا کرتا تو تھکتا نہیں اور اگر تکلیف پہنچ جاتی ہے تو ناامید ہو جاتا اور آس توڑ بیٹھتا ہے۔ اور اگر تکلیف پہنچنے کے بعد ہم اس کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو میرا حق تھا اور میں نہیں خیال کرتا کہ قیامت برپا ہو۔ اور اگر (قیامت سچ مچ بھی ہو اور) میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو میرے لئے اس کے ہاں بھی خوشحالی ہے۔ پس کافر جو عمل کیا کرتے وہ ہم ان کو ضرور جتائیں گے اور ان کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔ اور جب ہم انسان پر کرم کرتے ہیں تو منہ موڑ لیتا ہے اور پہلو پھیر کر چل دیتا ہے۔ اور جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی لمبی دعائیں کرنے لگتا ہے۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیم۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

## نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' : 1381، مفتی سید جانان صاحب، مفتی سید جانان صاحب، (موجود نہیں ہیں)۔ کوئسچن نمبر 1909، اعظم درانی صاحب، اعظم درانی صاحب، (موجود نہیں ہیں)۔ کوئسچن نمبر 2144، سید محمد علی شاہ باچا، (موجود نہیں ہیں)۔ کوئسچن نمبر 2187، میڈم نجمہ شاہین، (موجود نہیں ہیں)۔ کوئسچن نمبر 2191، مفتی فضل غفور، (موجود نہیں ہیں)۔ کوئسچن نمبر 2192، مفتی فضل غفور، (موجود نہیں ہیں)۔۔۔۔۔

محترمہ معراج ہمایون خان: جناب سپیکر! کورم خو نشته، کورم خو پوره نه دے۔

جناب سپیکر: گھنٹیاں بجائیں جی، دومنٹ، یہ کاؤنٹ کر لیں، یہ کاؤنٹ کر لیں پہلے، اس کے بعد، کاؤنٹ کر لیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: Twenty۔ دومنٹ کیلئے گھنٹی بجائی جائے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: (سیکرٹری اسمبلی سے) نمبر کاؤنٹ کر لیں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: اچھا کورم پورا ہے۔ کوئسچن نمبر 2196، مفتی فضل غفور، (موجود نہیں ہیں)۔ کوئسچن نمبر 2203، صالح محمد صاحب، (موجود نہیں ہیں)۔ کوئسچن نمبر 2204، صالح محمد صاحب، (موجود نہیں ہیں)۔ کوئسچن نمبر 2205، ملک بہرام خان، (موجود نہیں ہیں)۔ کوئسچن نمبر 2216، سید جعفر شاہ!

2216 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر زکواۃ وعشر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) سال 14-2013 میں زکواۃ کی مد میں مستحقین کیلئے رقم مختص کی گئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 14-2013 میں زکواۃ مد میں کتنی رقم مختص کی گئی تھی اور کتنی رقم مستحقین کو فراہم کی گئی؛

(ii) صوبے میں اضلاع کے درمیان زکواۃ فنڈ کی تقسیم کس فارمولا کے تحت ہوئی ہے؛

(iii) سال 2013-14 میں ہر ضلع کو کتنا کتنا فنڈ فراہم کیا گیا ہے، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ و عشر): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) (i) سال 2013-14 مالی سال کیلئے مبلغ -/670,109200 روپے کا زکواۃ بجٹ رکھا گیا جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ باقاعدہ مدات -/422,198,000 روپے

2۔ ٹیکنکل سکالرشپ -/162,404,000 روپے

3۔ انتظامی اخراجات -/54,257,000 روپے

4۔ صوبائی سطح کے ہسپتال -/27,750,000 روپے

5۔ بلڈ ٹرانسفیوژن ادارے -/3,500,000 روپے

کل میزان -/670,109,200 روپے

مذکورہ بالا زکواۃ فنڈ سے 25 اضلاع کو باقاعدہ مدات کی ایک قسط مبلغ 195,667,000 روپے کی جاری کی گئی ہیں:

| مد | رقم |
|---|---|
| گزارہ الاؤنس | -/126,660,000 روپے |
| تعلیمی وظائف | -/25,339,000 روپے |
| دینی مدارس | -/1,454,000 روپے |
| صحت کیلئے | -/16,886,000 روپے |
| جہیز | -/25,328,000 روپے |

(ii) صوبے میں تمام اضلاع کو زکواۃ فنڈ 1998 کی مردم شماری کی روشنی میں آبادی کے تناسب سے تقسیم کیا جاتا ہے۔

(iii) مالی سال 2013-14 کے دوران مبلغ-/195, 667,000 روپے کی ایک قسط مختلف مدات میں جاری کی گئی جس کی ضلع وائز تفصیل ایوان کوفراہم کی گئی۔

جناب جعفر شاہ: تهینک یو جناب سپیکر۔ سر، دوئ دا کوم جواب را کړے دے، زه قطعاً د دې نه مطمئن نه یم جی، دوئ د غلط بیانئ نه کار اخستے دے، ډیپارټمنټ ته ئے هم غلط انفارمیشن ورکړے دے، کوم چې متعلقه آفیسر دے او ما پخپله دا وزټ کړے دے جی۔ کوم متعلقه فیلډ اسسټنټ، ما تپوس کړے وو نو هغه فیلډ اسسټنټ د تیرو درې کالو نه خلق ئے پیژنی نه جی چې هغه خپله حلقې ته تلے دے، د دفتر کرایه هغوی اخلی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ آپ کا کوئسچن توز کواۃ سے متعلق ہے، یہ دوسرا والا 2216 والا 2216۔

جناب جعفر شاہ: 22؟

جناب سپیکر: 2216, 2216۔

جناب جعفر شاہ: ده خو جی دا جواب را کړے دے چې صحت کښې او دې مد کښې دا پیسې ورکړې شوې دی۔ دیکښې جی د دې سکالرشپ په باره کښې ما Specifically وئیلی وو نو زما به منسټر صاحب ته دا ګزارش وی چې تیر دور کښې به داسې وه جی چې د ټیکنیکل ایجوکیشن د پاره به سکالرشپې ورکړې کیدې او هغه هغې کښې کوم میډیکل ټیکنالوجیز چې پرائیویټ ادارې به هم وې او ګورنمنټ ادارې به هم وې نو زما خیال دے چې په هغې باندې دوئ اوس پابندی لګولې ده نو که دغه پابندی اوچته شی نو خلق به د میډیکل بیسک ایجوکیشن حاصل کړی، دوه دوه کاله کورس وی او غریبانان سټوډنټان وی نو هغوی ته به فائده اوشی۔ نو زما به دا ریکویسټ وی چې دا Maintain اوساتی۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب، حبیب الرحمان صاحب۔

وزیر زکواۃ وعشر: شکریه جناب سپیکر۔ ده چې کومه خبره اوکړه د 'مورا' ټیکنیکل، یقیناً چې په دې باندې پراونشل زکواة کونسل، په دې بنیاد باندې چې کله 2013-14 کښې مونږ دغه اوکړو یعنی په دیکښې ډیر کیسونه راغلل، د خلقو فراډ شوے وو، د هغې خلاف مونږه انکوائری اوکړه، د هغه انکوائرئ په وجه

باندې ګنړ څیزونه چې کوم دے نو په 'مورا' ټیکنیکل کښې دا طریقه کار وی چې یو اداره ده، هغه د دغه سره چې کوم دے عملې سره ځان جوړ کړی،او "نصف لی و نصف لک" باندې، نو مونږه کیسونه رااونیول، د هغې مونږ یو لویه انکوائری شروع کړه، د هغې په وجه باندې مونږه هغه دغه سټاپ کړو، یو قسط پاتې وو اخرنې د درې میاشتو، هغې کښې ډیر کیسونه مونږ دغه کړل نو په دې وجه باندې پراونشل زکواة کونسل اولګیدو او په هغې 'مورا' سکالرشپ باندې ئے پابندی اولګوله د هغې کرپشن او د هغه غبن په وجه نو د دې وجې نه مطلب دا دے چې اوس هم پراونشل زکواة کونسل د دې 15-14 د پاره هم هغوی څو پورې دا شے کلیئر کړے نه وی، انکوائری کمپلیټ شوې نه وی نو فنډ زمونږ سره شته چې کله انکوائری کمپلیټ شی، بیا به د هغې نه وروستو مطلب دا دے چې دا به مونږ جاری کړو ځکه چې دا ټول مدارس زمونږ سره په دې 15-14 کښې هم په دغه کښې شته اګرچې ده د 14-13 تپوس کړے دے، دغه وجه وه چې په دغې 'مورا' ټیکنیکل باندې مونږه پابندی لګولې ده۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: د کرپشن خو لعنت دے او مونږ ټول د دې مذمت کوؤ بې شکه انکوائری د هم اوکړی خو زه وایم چې د انکوائرئ په ځائې باندې د بنه Monitoring regime establish کړی، په ډیپارټمنټ کښې د د دې خبرو مانیټرنګ کیږی بجائے د دې چې مونږه هغه کار بند کړو نو بنه خبره به دا وی چې د هغې بنه مانیټرنګ اوشی خو دا سسټم د نه بندیږی، زما خو دا ریکویسټ دے۔

جناب سپیکر: حبیب الرحمان صاحب! سکیم خو بنه سکیم وو خو د دې د پاره طریقه کول غواړی چې مانیټرنګ ئے دغه شی، شفافیت پکښې راشی کنه نو تاسو۔۔۔۔۔

وزیر زکواة و عشر: ټهیک وایئ جی د شفافیت د پاره دا جی مونږ خو په نیمه کښې راغلو، دا کیسونه زمونږ نه مخکښنی وو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بنه جی۔

وزیر زکواۃ و عشر: خو چې کله زمونږه حکومت راغلو او ما ته یو دوه کیسونه راغلل نو زه ئے ډیر ویرول، د هغې په وجه زه اولګیدم په هغه وخت کښې مې د هغوی انکوائری هم مقرر کړه، انکوائرئ کښې هغه دغه ثابت شوی هم دی نو د دې وجې نه بیا پراونشل زکواۃ چونکه که زه دا مخکښې په دې فلور آف دی هاؤس اووایم نو واحده منسټری د عشر زکواۃ منسټری ده چې د منسټر سره پکښې هیڅ اختیار نه وی، دا د پراونشل زکواۃ کونسل اختیار دے، پراونشل زکواۃ کونسل چې کوم دے په هغې وجه باندې انکوائری کنډکټ کړه او انکوائری تر ډیره حده پورې شوې ده او ډیرې غلاګانې پکښې هغوی دغه کړی هم دی، د هغې رپورټ به منظر عام ته راهم شی۔ د دې وجې نه هغوی دا وائی چې ځو پورې مونږ شفافیت نه دے راوستے، دا دغه به چې کوم دے کنه، هغوی ته ما هدایت دا کړے دے، د درې میاشتو پیسې دی، دا نهه میاشتې دوئ ورکړی دی، دا درې میاشتې ورکړئ خو بهرحال هغوی اوویل چې یره مونږه انکوائری کوؤ او په انکوائرئ کښې حقائق چې کوم دے نو د کرپشن شته، د دې وجې نه مطلب دا دے چې هغه دغه مونږه دغه کړے دے، ستاپ مو کړو۔

جناب سپیکر: تاسو څه ټائم ورکړے دے د انکوائرئ د پاره چې Time line شته چې کله پورې به دا کمپلیټ شی؟

وزیر زکواۃ و عشر: دا خو به جی ان شاء اللّٰہ تعالیٰ چې هغه رپورټ خو دغه شوے دے، رپورټ منظر عام ته راشی، د دې وجې نه هم په 15-14 کښې هم محتاط اوسیدلې یو، بجټ کښې مو دغه ایښې دی خو لا هغه هم مطلب دا دے چې لکه ادارې مو لا دغه کړی نه دی، رجسټرډ کړی مو نه دی۔

جناب سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب!

جناب جعفر شاہ: زما خو به دا ریکویسټ وی جی اود کړی، بې شکه انکوائری د اوکړی خو د دې د پاره ښه سسټم پکار دے چې دا سسټم بند نشی کنه۔

محترمہ نگینہ خان (پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: میڈم جی، سپلیمنٹری؟

پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون: جی سپیکر صاحب! یو سپلیمنټری۔

جناب سپیکر: جی جی۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون: دیکښې داسې وو کنه چې کوم دوئ دا کرپشن وائی، هغې کښې چې کوم ګورنمنټ دا مختلف انسټی ټیوشنز هغه چې کوم دغه کړی دی، کنټریکټس کړی دی نو هغې کښې ئې دا نه دی لیکلی چې مطلب دوئ به سټوډنټس ته چې کوم دے نو پیسې ورکوی، هغې کنټریکټ کښې دا نشته چې دوئ به سټوډنټس ته پیسې ورکوی۔ اوس چې ډیپارټمنټ انکوائری کړې ده چې دې سټوډنټس ته ئے پیسې نه دی ورکړی حتیٰ که په هغه کنټریکټ کښې داسې هیڅ نشته، دا خو د ډیپارټمنټ غلطی ده، دا خو د هغې انسټی ټیوشن غلطی نه ده، دا د منسټر صاحب سره خو ما څو څو ځله دا ډسکس کړې هم ده او یو ځل مې ستاسو په نوټس کښې هم راوستې وه چې کله هغه ډائریکټر صاحب ستاسو خوا له راغلے وو او سوات والا کسان راغلی وو، ما وئیل چې د دوئ دا داسې مسئله ده خو په دیکښې په کنټریکټ کښې هیڅ داسې نه دی لیکلی چې دوئ به دیکښې سټوډنټس ته پیسې ورکوی، نو هغوی اوس دا وائی چې لکه دوئ سټوډنټس ته پیسې نه دی ورکړی، دوئ دا پیسې خوړلې دی حتیٰ که چې د دوئ کنټریکټ اوګورئ نو دا خو د پرائیویټ ادارو کار نه دے چې هغوی کنټریکټ اوکړی، دا خو د ډیپارټمنټ نه یو غلطی شوې ده۔ چونکه هغوی هغه Students train کړی دی، پکار ده چې دوئ ته هغه خپلې پیسې ملاؤ شی، د دې کوم کالجز چې دی، هغوی Already trainings کړی دی، هپستالونو کښې ئے ورته ټریننګز ورکړی دی یا میډیکل ټریننګز ئے ورته ورکړی دی یا چې کوم مختلف ټیکنالوجیز کښې ئے ورته Train کړی دی کسان، نو پکار ده چې دا ډیپارټمنټ خپله غلطی اومنی او دوئ ته دا پیسې چې کوم دے هغه ریلیز کړی۔ شکریه۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب!

جناب محمود جان: جناب سپیکر صاحب!

وزیر زکواۃ وعشر: دوئ دا اوکړی نو بیا به۔۔۔۔

جناب سپیکر: یو منټ۔ جی جی، جی محمود صاحب! محمود جان۔

جناب محمود جان: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، دوئ دلته لیکلی دی چې 14-2013 کښې مونږه دومره پیسې ورکړې دی د سکولونو د پاره، د هسپتالونو د پاره نو دې هپستالونو باندې زما هم څه دغه شته جی چې مخکښې خو زکواة چیئرمینان نه وو، مخکښې به دوئ هسپتال والا ته لیټر ورکړو چې تاسو خپل لوکل زکواة چیئرمین نه دا دستخط کړئ نو مونږه به تاسو ته هغه فنډ ریلیز کړو نو چونکه زکواة چیئرمینان اوس دا دے تقریباً Completion کښې راروان دی نو زه دا معلومات کوم چې دا پیسې د چا په تهرو یوټیلائز شوې دی او څه شوې او کوم ځائې کښې اولګیدې؟ ځکه چې مونږ له اکثر خلق راشی چې هسپتال کښې د زکواة پیسې دی او هغه کوم ځائې کښې دی نو ما ته خو خپل نالج کښې دا ده چې هسپتالونو کښې یو پیسه هم د زکواة نه ده یوټیلائز شوې جی، د دې د لړه انکوائری اوشی او بلکه زه خو یو ریکویسټ کوم جی چې دا د د سی ایم صاحب نګرانئ کښې چې کوم چیئرمین دے، دا کمیټی د رااوغوښتې شی او د هغوی په مخکښې د دا ټولې خبرې ډسکس کړې شی جی۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب، حبیب الرحمان صاحب۔

وزیر زکواة و عشر: دا جی زما دې خور چې خبره اوکړه، دا د یوې ادارې خبره نه ده، دا جنرل د ټولو ادارو خبره ده او د هغې جنرل آډټ چې دے، د اسلام آباد نه ورله ټیم مونږ راغوښتے دے او د هغې هغه کوم طریقه کار چې دے، هغه د مانیټرنګ ډیر رپورټونه او ډیرو ضلعو کښې راغلی دی او باقی به راځی، دا هغه ادارو کښې د ننه لکه زما دې خور اووئیل چې مونږه، د سټوډنټس یو اداره ده، هغوی د محکمې سره یو ایګریمنټ کړے دے چې مونږ به دومره سټوډنټس ته یعنی دا ټریننګ ورکوؤ۔ اوس داسې ادارې چې په هغه ادارو کښې د ننه نه چا له ټریننګ ورکړے شوے دے او نه مطلب هغه کوم ایګریمنټ چې دے، د هغې مطابق سټوډنټان شته، د هغې په وجه آډټ رپورټ چې راشی، یعنی ډیر آډټ رپورټونه مونږه مخکښې نه شروع کړی دی او کړی دی، د هغې به رپورټ راشی او پخپله به دودھ دودھ شی او پانی به پانی شی۔ څومره پورې زما د محمود جان ورور تعلق دے، دا پرون نه هغه بله ورځئ خبره ده، زما د علاقې یو غریب مریض

راغلے وو او په لیډی ریډنګ دغه کښې چې کوم دے ، هغه ما ته اووئیل چې یره ما ته خو ډاکټران وائی چې دلته کښې پیسې نه دی ورکړې شوی، اوس جی مونږه داسې چل دے چې مخکښې مونږ 22 پراونشل هسپتالونو ته به پیسې ورکولې، هغه ما کټ کړې دی، ما Specialties له پیسې ورکړې دی لکه کارډیالوجی له مې پیسې ورکړې دی لیډی ریډنګ ته، د ټی بی بغدادې ته مې پیسې ورکړې دی، د کوهاټ دغه ته مې پیسې ورکړې دی، حیات کمپلیکس ته مې پیسې ورکړې دی، دا بل دغه چې کوم کډنی سنټر دے ، هغې ته مې پیسې ورکړې دی، ما څه شپږو Specialties له او دا بلډ ټرانسفیوژن سنټرو ته مې پیسې ورکړې دی، ارنم له مې پیسې ورکړی دی۔ دا هغه څیزونه دی چې لکه هغوی ته باقاعده پیسې تلې دی۔ څومره چې دا باقی پیسې دی، ما په ضلعو باندې Focus کړې ده او دا د زکواۃ متعلق یو جنرل دغه دا دے چې د 1998 د پاپولیشن د مردم شمارئ په بنیاد باندې ډائریکټ پیسې ځی، په هغې کښې زه یا سیکرټری یا بل څوک Involve نه وی، د آبادئ په تناسب ډسټرکټ دغه ته چې کوم دے نو مونږه پیسې زیاتې کړې دی ډسټرکټ هسپتالونو ته، آر ایچ سیز ته او بی ایچ یوز ته، هغه په خپلو ضلعو کښې باقاعده هرې ضلعې ته مکمل په دوؤ قسطونو کښې مونږ پیسې لیږو ، مونږه په ګزاره الاؤنس کښې، مونږه په جهیز فنډ کښې، مونږه چې دا څومره سکالرشپې دی، ضلعو ته باقاعده دا بالکل په دوؤ قسطونو کښې لیږو، ټول پینځویشت واړه ضلعو ته برابر پیسې تلې دی۔ دا Specialties چې کوم شپږ هسپتالونو ته مونږ پیسې ورکړې دی، دا مکمل تلې دی، دا چې کله یوټیلائز شی، د یوټیلائزیشن رپورټ هغوی رااولیږی نو دویم قسط بیا مونږه یعنی هغه د شپږو میاشتو بیا جاری کوؤ، په دیکښې هیڅ ابهام نشته، زه کلیئر دا خبره په دې فلور آف دی هاؤس کوم چې پرون نه هغه بله ورځنئ خبره ده، زما د خپلې ضلعې خبره ده، یو مریض راغلے وو، هغه ته ډاکټر په هسپتال کښې وئیلی وو چې مونږ له دوئ پیسې نه دی راکړی، ما فوری طور سیکرټری صاحب ته ټیلی فون اوکړو چې یره کیدے شی که چرې زه په غلط فهمئ کښې یم، پیسې بالکل'ان ټائم' دوئ ټولو ته تلې دی په وړومبی وړومبی قسط کښې او ټولو ضلعو کښې دغه چې کوم دے نو شروع دے ، د ضلعو د ناقص

کارکردگئی په بنیاد که په بعضو ضلعو کښې په دې باندې هنډرډ پرسنټ کار نه وی شوے، د هغې انکوائری مې شروع کړې ده او باقی ان شاء الله تعالیٰ چې هیڅ څه دغه نشته او په دیکښې یوه پیسه د وزیر سره اختیار نشته۔ دا سوالونه به دوئ راؤړی، مقامی کمیټی هم ده، دا دې کمیټو ته د برابرئ په بنیاد پیسې نه ځی، دا کمیټئ ته هم د آبادئ په تناسب باندې پیسې ځی۔ یو کمیټی د ډیرې آبادئ ده، هغې ته ډیرې پیسې ځی، دا دغه سره چې کوم دے نو سټیټ بینک سره دغه پراته وی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ټهیک شو، شکریه جی۔

وزیر زکواۃ وعشر: او هغه بالکل نیغ په نیغه پیسې ځی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ ’نیکسٹ‘ ، ’نیکسٹ‘ ،اس کے بارے میں آپ جعفر شاہ صاحب! ان لوگوں کے ساتھ بیٹھ جائیں،اگر کوئیSuggestionہوتوآپ کرلیں۔سید جعفر شاہ2217۔

جناب جعفر شاہ: 2217 خو به اووایم خو زما هسې منسټر صاحب ته مې داریکویسټ وو، ما وئیل که کمیټئ ته ئے وئیلی وے نو د دوئ چې دا کوم خدشات دی د زکواۃ کونسل نه، په دې به هم مونږه ډسکشن کړے وو او دا خبره به مونږ هموار کړې هم وه جی۔ اوس د کینسر دوایانې هم نه ملاویږی، د زیړی هغه هم نه ملاویږی نو یو لویه مسئله ده نو زما خیال دا دے چې۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: زما خیال دے جعفر شاه صاحب۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: دوئ سره به کښېنو خیر دے۔

جناب سپیکر: تاسو، تاسو خپلو کښې کښېنئ۔

جناب جعفر شاہ: دوئ سره به کښېنو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ښه به وی، ټهیک شو جی۔

جناب جعفر شاہ : خو چې دا خبره حل شی جی۔

جناب سپیکر: اوکے، اوکے۔ منسټر صاحب! تاسو به لږ Kindly دوئ سره کښېنئ جی۔ جی جعفر شاه صاحب 2217۔

* 2217 _ جناب جعفر شاہ: کیاوزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ علاقہ مدین میں زراعت کا دفتر موجود ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ موضع مانکیال میں فیلڈ اسسٹنٹ کا آفس موجود ہے جس میں تعینات فیلڈ اسسٹنٹ موجود رہتا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مدین میں زراعت کے دفتر کے زیر نگرانی کون کونسے علاقے ہیں؛

(ii) گزشتہ دو سال سے موضع مانکیال میں تعینات فیلڈ اسسٹنٹ کی اپنے سر کل کی پراگریس رپورٹ بمعہ دفتر میں حاضری کا اصل تصدیق شدہ ریکارڈ فراہم کیا جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ سوات کے علاقہ مدین میں زراعت آفیسر کا دفتر موجود ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ موضع مانکیال میں فیلڈ اسسٹنٹ کا دفتر موجود ہے اور اس دفتر میں فیلڈ اسسٹنٹ بھی تعینات ہے لیکن فی الحال وہ زراعت آفیسر مدین کے دفتر میں حاضر رہتا ہے کیونکہ زراعت آفیسر مدین کا تبادلہ ہو چکا ہے۔

(ج) (i) مدین میں زراعت آفیسر کے زیر نگرانی مندرجہ ذیل آٹھ یونین کونسلز کے علاقے ہیں:

| سیریل نمبر | نام یونین کونسل |
|---|---|
| 01 | مدین |
| 02 | بشیگرام |
| 03 | تیرات |
| 04 | بحرین |
| 05 | مانکیال |
| 06 | بالاکوٹ |
| 07 | کالام |

| 08 | اوتروڑ |
| --- | --- |

(ii) متعلقہ فیلڈ اسسٹنٹ کی گزشتہ دو سال کی پراگریس کی تفصیل درج ذیل ہے جبکہ حاضری رجسٹر کی فوٹو کاپیاں ایوان کو فراہم کی گئی۔

یونین کونسل مانکیال میں فیلڈ اسسٹنٹ کی پراگریس رپورٹ

سال اول 13-2012:

1۔ محکمہ کے طرف سے مہیا کردہ مختلف اقسام کے سبزیات کے نمائشی پلاٹ لگائے گئے ہیں۔

2۔ مختلف مقامات پر زمینداروں کو گروپوں کی شکل میں سبزیات کے زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے جدید طریقے اور ان کی کاشت، نگہداشت اور برداشت وغیرہ کے بارے میں تقریباً 30 عدد تربیتی کورسز کئے گئے ہیں۔ مزید یہ کہ زمینداروں کو دیگر فصلوں کے بارے میں زیادہ پیداوار والے اقسام کے بیج ان کی دہلیز پر پہنچائے گئے ہیں جو کہ حکومت کی طرف سے مقرر کردہ قیمت پر انہیں دیئے گئے ہیں۔

سال دوم 14-2013:

سال اول کے دوران کئے گئے تربیتی پروگراموں اور ان سے حاصل شدہ رہنمائی اور زمینداروں کی حوصلہ افزائی کے بارے میں مختلف مقامات پر دوبارہ زمینداروں کو اکٹھا کر کے ان کی افادیت اور حاصل شدہ پیداواروں کے بارے میں زمینداروں نے خود دوسرے زمینداروں کو آگاہ کیا۔ مزید یہ کہ مختلف مقامات پر زیادہ اور مناسب پیداوار کے میوہ جات کے پودے بھی تقسیم کئے گئے ہیں اور ان کے نمائشی باغات بھی لگائے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں گزشتہ دو سالوں کی محکمانہ خدمات میں بھی یونین کونسل مانکیال شامل ہے۔

جناب جعفر شاہ: 2217 جی۔ دا کوئسچن د زراعتو بارہ کښې زہ بالکل مطمئن نہ یم جی او پہ دې سلسلہ کښې ما منسټر صاحب If he is around، اؤ جی، منسټر صاحب سرہ ما پہ ټیلیفون هم خبرہ کړې وہ، هغوی پکښې انټرسټ هم اخستے دے خو جی پہ دیکښې یو Interesting خبرہ داسې شوې دہ چې دا کوئسچن ما ډیر مخکښې کړې وہ، بیا ما د متعلقہ ای ډی او نہ تپوس اوکړو چې زما د دې سوال دا جواب پہ شپږو میاشتو کښې تہ ولې نہ ورکوې؟ نو هغہ ما تہ وئیل چې تہ څہ، تہ پکښې لا د کوم باغ مولئی ئې چې تہ زما نہ تپوس کوې، ایم پی اے پکښې لا څہ وی؟ ستا حکومت نہ دے، تہ د نیشنل پارټئ ئې، تہ د پی ټی آئی سرے نہ ئې۔

دا ټولې خبرې ما منسټر صاحب ته کړې دی، ما خو وئيل زه به پرې پريويلج موشن راؤړم خو چونکه هغه ما ته Surety راکړې ده منسټر صاحب چې د هغه خلاف به انکوائری کيږی او د هغه خلاف به ايکشن اخستے کيږی۔ دويمه خبره دا ده جی چې هغهډيپارټمنټ ته هم چې کوم ای ډی او دے يا متعلقه افسر دے نو ټول غلط انفارميشن ئے ورکړی دی، ما پخپله د دفتر وزټ کړے دے، په کوم رجسټر کښې چې ما دستخطې کړی دی، هغه رجسټر دا نه دے، نوے رجسټر ئے راوړے دے او د دې پوره هاؤس پريويلج هغوی دغه کړے دے، استحقاق ئے مجروح کړے دے۔ نو زما به منسټر صاحب چونکه په ديکښې Already زما خيال دے چې ايکشن اخستے دے، زما به ورته دا ريکويسټ وی چې Strict action واخلی د دې افسر خلاف او د دې خلاف مکمل انکوائری اوکړی ځکه چې هغوی ډيپارټمنټ ته هم دروغ وئيلی دی، دا هاؤس د دې پريويلج ئے هم، استحقاق ئے هم مجروحه کړے دے، زما ئے هم مجروحه کړے دے نو زما به دا ريکويسټ وی۔

جناب سپیکر: اکرام اللہ گنڈاپور صاحب!

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): جعفر شاه صاحب ته خو سر! ما ريکويسټ کړے وو اوکارروائی شروع هم ده او که دوئ مطمئن وی خو صحيح ده او که نه وی چې دوئ څنګه مطمئن کيږی هغسې به کوؤ او۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپيکر!

جناب سپیکر: جی، جعفر شاه صاحب۔

جناب جعفر شاہ: دوئ خو Surety راکړې ده، يقين دهانی ئے راکړې ده او I am sure چې دوئ به د هغوی، دے مخلص سړے دے نو د هغوی خلاف به ايکشن واخلی ان شاء اللّٰه۔

وزیر زراعت: بالکل که ايکشن نه وو، که وايئ چې کميټی ته ئے واستوؤ خو ايډوانس کښې ئے استوؤ۔

جناب جعفر شاہ: بس تاسو ډيپارټمنټ يئ، ډيپارټمنټ ئے تپوس اوکړئ۔

(تالیاں اور قہقہے)

جناب جعفر شاہ: مهربانی جی۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) شکریہ جی۔ 'نیکسٹ' ۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب! ما خو یو ډیر اهم ایشو۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا کوئسچنز اول ختم شی د دوئ، دا 'کوئسچنز' آور ختم شی۔

جناب جعفر شاہ: ته کبنینه کنه مړه۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نه، د دې اسمبلئی ډیره بې عزتی شوې ده، پرون۔۔۔۔

جناب سپیکر: 'کوئسچنز' ، 'کوئسچنز' آور خلاص شی پلیز، پلیز، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: او هغې باندې خبره کوئ۔

جناب سپیکر: 2218، سید جعفر شاہ صاحب!

* 2218 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے اپنے پروگرام کی مؤثر توسیع کیلئے زمینداروں پر مشتمل فارم سروسز سنٹرز قائم کئے ہوئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو زرعی توسیع آفیسر مدین سرکل میں ایسے قائم شدہ مراکز کی تفصیل بمعہ لسٹ ممبران فراہم کی جائے۔ ان مراکز کے قیام کا طریقہ کار کیا ہے، اب تک ان مراکز/ممبران کے ذریعہ زمینداروں کو کیا خدمات فراہم کی گئی ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ محکمہ نے زمینداروں پر مشتمل فارم سروسز سنٹر قائم کئے ہیں اور ایک سب سنٹر مدین میں بھی قائم ہے۔

(ب) مدین سرکل کے زرعی توسیع آفیسر کے سرکل میں ایک فارم سروسز سنٹر قائم ہے، یہ سنٹر 2002 سے قابل عمل ہے اور اس وقت سے کام کر رہا ہے۔

طریقہ کار: حکومت خیبر پختونخوا نے 2002 میں صوبے میں فارم سروسز سنٹرز کے قیام کا اعلان کیا جس کے تحت ہر ضلع میں یہ سنٹر قائم ہونے لگا۔ ابتدائی فنڈز حکومت خیبر پختونخوا محکمہ زراعت کے

طرف سے جاری کئے گئے اور طریقہ کار یہ لگایا کہ ضلع میں زمینداروں پر مشتمل ممبران ہوں گے جو کہ ممبرشپ حاصل کریں گے اور ممبرشپ حاصل کرنے کیلئے زمیندار محکمہ زراعت کو مبلغ -/600 روپے ادا کرے گا جس میں مبلغ -/100 روپے رجسٹریشن فیس اور -/500 روپے زمینداروں کا شیئر ہوگا۔ سنٹر کا مکمل طریقہ کار خیبر پختونخوا فارم سروسز سنٹر ایکٹ 2014 میں موجود ہے جو موجودہ صوبائی اسمبلی نے مارچ 2014 میں پاس کیا ہے۔ اس کی کاپی ایوان کو فراہم کی گئی۔ مدین میں ممبران کی کل تعداد 1246 ہے جن کی مکمل تفصیل بمعہ ولدیت اور رابطہ نمبرز بھی ایوان کو فراہم کئے گئے۔

گزشتہ دو سالوں کی محکمانہ خدمات:

1۔ 130 ایکڑ زمین پر باغات لگائے ہیں۔

2۔ 500 ایکڑ دامن کوہ زمین پر باغات لگائے ہیں۔

3۔ تین ٹن گندم کی ترقی دادہ بیج تقسیم کی ہے۔

4۔ تقریباً 5000 بوریاں کھاد رعایتی نرخوں پر سنٹر ممبران کو فراہم کیں۔

5۔ 600 کنال زمین پر 500 زمینداروں کو سبزیوں کے نمائشی پلاٹس لگائے ہیں۔

6۔ 200 عدد سپرے پمپس تقسیم کئے ہیں۔

7۔ 100 زمینداروں کو کھمبی کے فروغ کیلئے ضروری آلات اور تربیت فراہم کی۔

8۔ یونین کونسل مدین اور مانکیال میں 60 خواتین پر مشتمل دو کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں جن کو تربیت کے علاوہ کچن گارڈننگ، جانوروں کی خوراک اور ادویات، مرغی اور بٹیر کے چوزے فراہم کئے۔

جناب جعفر شاہ: (قہقہہ) 2218 جی۔ دا هم د دغه ډیپارټمنټ سره متعلقه سوال دے جی او په دیکښې ما ته جی د کمیونټی د طرف نه Complaints راغلی دی، د کمیونټی د طرف نه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب! جعفر شاہ صاحب، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: د کمیونټی د طرف نه ما ته Complaints راغلی دی چې په دیکښې هغوی Nepotism کړے دے، اقرباء پروری ئے کړې ده نو زما خیال دے چې دا

دواړه کوئسچنې به یو ځائې منسټرصاحب او د دا محکمه اوګوری او د دې
سړی خلاف به ایکشن واخلی۔
جناب سپیکر: جی،اکرام اللہ گنڈاپور صاحب۔
وزیرزراعت: بالکل چې څه رنګه د دوئ تسلی کیږی جی، هغسې به کوؤ۔
جناب سپیکر: جی، جعفر شاہ صاحب!
جناب جعفر شاہ: زه مطمئن یم جی۔
جناب سپیکر: 'نیکسټ' ، 2200، ملک نور سلیم، کوئسچن نمبر څه دے ؟
جناب نور سلیم ملک: شکریہ جناب سپیکر۔ سر! کوئسچن نمبر2254۔
جناب سپیکر: اوکے جی۔
* 2254 _ جناب نور سلیم ملک: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) محکمہ انتظامیہ کے زیر انتظام صوبائی بینوولنٹ فنڈ سیل سرکاری ملازمین کے بچوں کو ہر سال میرٹ سکالرشپ دیتا ہے؛
(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اہل طلباء/طالبات کو میرٹ سکالرشپ عرصہ تین سال کے بعد دیا جاتا ہے؛
(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2011 اور 2012 میں ایم اے/ایم ایس سی، بی اے بی/ ایس سی، ایف اے/ایف ایس سی اور ایس ایس سی میں جن طلباء/طالبات کو میرٹ سکالرشپ دیا گیا ہے، ان کے نام، ولدیت، پتہ اور حاصل کردہ نمبرز کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے؟
جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب معاون خصوصی برائے قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔
(ب) جی نہیں، بلکہ اہل طلباء/طالبات کو میرٹ سکالرشپ ہر سال دیا جاتا ہے جو کہ کلینڈر سال ختم ہونے کے بعد اہل طلباء/طالبات سے جن کا رزلٹ پہلے سال Declared ہو چکا ہو، سے درخواستیں وصول کی جاتی ہیں۔
2011 تک یہ سکالرشپ مندرجہ ذیل شرح کے حساب سے تقسیم کیا جاتا تھا:

| S. No. | Class/Level | Amount | Numbers |
|---|---|---|---|
| 01 | SSC | Rs. 8, 000/- | 10 |
| 02 | Intermediat | Rs. 16, 000/- | 10 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 03 | Bachlor | Rs. 20, 000/- | 10 |
| 04 | Postgraduate/Professional | Rs. 24, 000/- | 10 |

جو کہ 2012 سے اس سکالرشپ کی رقم دگنا کرنے کے ساتھ ساتھ تعداد بھی 10 عدد سے بڑھا کر 50 کر دی گئی۔

(ج) سال 2011 اور 2012 میں ایم اے/ایم ایس سی، بی اے/بی ایس سی، ایف اے/ایف ایس سی اور ایس ایس سی میں جن طلباء/طالبات کو میرٹ سکالرشپ دیا گیا ہے، ان کے نام، ولدیت، پتہ اور حاصل کردہ نمبروں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

جناب نور سلیم ملک: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی۔

جناب نور سلیم ملک: جناب سپیکر! میں نے یہاں پہ سوال کیا تھا کہ "محکمہ انتظامیہ کے زیر انتظام صوبائی بینوولنٹ فنڈ سیل سرکاری ملازمین کے بچوں کو ہر سال میرٹ سکالرشپ دیتا ہے؟" جواب دیا گیا ہے "جی ہاں"۔ جناب سپیکر، سوال کرنے کا مقصد یہ تھا کہ کیا میرٹ پر یہ سکالرشپ دیا جاتا ہے یا Nepotism base پر؟ جناب سپیکر! یہاں پر جواب دیا گیا ہے کہ مختلف سکالرشپس دیئے جاتے ہیں جس میں میٹرک، انٹر میڈیٹ، بیچلر اور پوسٹ گریجویٹ کیلئے Different amounts ہیں جو یہاں بتائی گئی ہیں۔ جناب سپیکر! میرے پاس یہاں ریکارڈ موجود ہے کہ جو سرکاری ملازمین کے بچوں کو یہ سکالرشپ دیا جاتا ہے، اس سکالرشپ دینے کا جو طریقہ کار ہے، وہ واضح نہیں ہے اور اس کی وجہ سے Like اور Dislike ہوتی ہے۔ میرے پاس جناب سپیکر! یہاں ایک ریکارڈ ہے جو میں آپ کو پیش بھی کر سکتا ہوں۔ Even سرکاری ملازمین کی لسٹ میں اس اسمبلی کا سٹاف بھی آتا ہے اور اسمبلی کے سٹاف کی جو لسٹ بھجوائی جاتی ہے جس میں ان کے بچوں کو میرٹ پر یہ سکالرشپ ملنی چاہیئے۔ جناب سپیکر! یہاں پہ میرے اس سوال کے اندر انہوں نے۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر جناب سراج الحق امیر جماعت اسلامی پاکستان ایوان میں تشریف لے آئے)

(تالیاں)

جناب نور سلیم ملک: جناب سپیکر! انہوں نے یہاں پہ جواب دیا ہے کہ 2012 میں پچاس لوگوں کو سکالرشپ دیا گیا انٹر میڈیٹ کے اندر اور جناب سپیکر! اس میں 85 جو Percentage ہے ان کو، 86 percentage، اگر یہاں جواب میں دیکھا جائے تو percent 86 والوں کو سکالرشپ دیا گیا ہے۔ جناب سپیکر! میرے پاس یہاں پر ریکارڈ میں موجود ہے کہ 86 کے بعد یہ بتا رہے ہیں کہ 85.90 اور 85.90 اور 85.60، میرے پاس یہاں موجود ہے کہ 86 ایک طالبہ نے Percentage لی تھی مگر انہیں سکالرشپ نہیں دیا گیا۔ جناب سپیکر! میں چاہوں گا کہ اس چیز کی وضاحت ہو جائے اور یہ سوال جو ہے کمیٹی میں بھیج دیا جائے تاکہ اس کی جو ڈیٹیلز ہیں، وہ سامنے آ جائیں اور معلوم ہو جائے کہ کون لوگ Favour اور Disfavour کے چکر میں ہیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: عارف یوسف! عارف یوسف صاحب۔

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون): سر! یہ جو سوال، کوئسچن ہے، یہ ایڈمنسٹریشن کا ہے یا ایجوکیشن اس کا، Reply میرے پاس نہیں آیا۔

جناب محمود احمد خان: آپ کو کچھ نہیں پتہ، آپ کس چیز کے ہیں؟

جناب نور سلیم ملک: (قہقہہ) محکمہ انتظامیہ۔

معاون خصوصی برائے قانون: اچھا سر، انہوں نے اس میں Reply تو مجھے کچھ نہیں دیا ہے، انہوں نے جی بالکل۔

جناب سپیکر: پھر اس کو کمیٹی میں ڈال لیں۔

معاون خصوصی برائے قانون: ڈال دیں جی، بالکل۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی۔

معاون خصوصی برائے قانون: بالکل ٹھیک ہے سر! ڈالیں بالکل۔

(شور اور قطع کلامیاں)

معاون خصوصی برائے قانون: نه د دې Reply ئے نه د ه ور کړې، تهیک شو؟

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: اسلئے میں کمیٹی میں بھیجتا ہوں، نہیں میں کمیٹی میں ریفر کرتا ہوں اس کو۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: ایک منٹ، یہ کس کا، کس کی Responsibility ہے، کون اس کا جواب دے گا؟

معاون خصوصی برائے قانون: سر! ویسے جو محکمہ انتظامیہ ہے، یہ چیف منسٹر صاحب کے پاس آتا ہے اور جو لاء منسٹری ہوتی ہے، اس کا باقاعدہ جواب دے گی لیکن یہ محکمے کو چاہیئے تھا کہ اس کا جواب باقاعدہ بالکل۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنایت خان! عنایت خان! عنایت سینیئر منسٹر جواب دے دے گا۔ عنایت خان!

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: سر! یہ Basically تو ان کی غلطی ہے، ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کسی بھی منسٹر کو Approch کر سکتا ہے اور کسی بھی پارلیمانی سیکرٹری کو Approch کر سکتا ہے کہ ان کی اسمبلی کا بزنس ہے اور اس کو آپ ہینڈل کریں لیکن انہوں نے اس وقت تک کسی کو Approch نہیں کیا ہوا ہے اور اگر کسی کیبنٹ منسٹر کو Approch کیا ہے اور وہ یہاں He is not around تو میرے خیال میں ان کو Benefit of the doubt دینا چاہیئے اور کوسچن کو اگلے روز تک پینڈنگ رکھیں، اس کا ریسپانس آجائے گا اور اگر نہیں ہوا تو پھر جس طرح منسٹر، ہمارے ایم پی اے صاحب کہتے ہیں، اس کو پھر کمیٹی میں بھیج دیں۔ اگر حل نہیں ہے تو کمیٹی میں بھیج دیں پھر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب سپیکر: عنایت خان! آپ دیکھ لیں جس کی اس پہ کوئی کمی ہو، اس کے خلاف تو ڈسپلنری ایکشن ہونا چاہیئے نا؟ آپ کی اس کے اوپر جو، اس کے اوپر Comments کریں کہ یہ اس کے خلاف ڈسپلنری ایکشن ہونا چاہیئے۔

جناب محمود احمد خان: تاسو رولنگ ورکړے دے چې هغه کس د موجود وی او دوئ وائی چې مونږ ذمه وار نه یو پکښې۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب محمود احمد خان: دا څنګه حکومت دے ؟

سینیئر وزیر (بلدیات): آپ کی بات، آپ کی بات بالکل درست ہے میں، میں، میں اس پہ، میں اس پہ بالکل آپ کی، آپ نے جو انسٹرکشن دی ہے، جو رولنگ دی ہے، اس کے حوالے سے ہم اس پہ مطلب باز پرس ضرور کریں گے، اس سے پوچھیں گے۔

جناب سپیکر: سوری، آپ کی آواز۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: جی عنایت خان!

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر! آپ بالکل درست کہتے ہیں، اس پہ ڈسپلنری ایکشن لیں گے کہ کیوں مطلب Properly۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: متعلقہ افسر سے باقاعدہ Explanation۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): Comunicate نہیں کیا گیا ہے۔ یہ ساری چیزیں Tally ہو جائیں گی، Reconcile ہو جائیں گی۔ اسمبلی سیکرٹریٹ سے کس کے نام گیا ہے کہاں، کب گیا ہے مراسلہ اور کیوں انہوں نے Respond نہیں کیا ہے، یہ پوری، اس پوری چیز کو Investigate کیا جائے گا۔

جناب سپیکر: نہیں، اس طرح عنایت! میرے خیال میں آپ، جو اس کے Responsible ہیں، اس کے خلاف ڈسپلنری ایکشن ہونا چاہیئے، اس کے خلاف ڈسپلنری ایکشن ہونا چاہیئے۔

(تالیاں)

سینیئر وزیر (بلدیات): کہ ہم لیں گے نا۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee. Next, Question No. 2227. Arshad Ali Khan, Arshad Ali Khan. Not present. Question No. 2226, Salih Muhammad Khan, Salih Muhammad Khan.

جناب عبدالستار خان: سر! اس پہ میرا ایک سوال ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، لیکن آپ تو موؤر نہیں ہیں نا؟

جناب عبدالستار خان: میرا سپلیمنٹری ہے اس پہ سر!

جناب سپیکر: چلو ستار صاحب۔

جناب عبدالستار خان: سر! بڑا اہم سوال لایا تھا صالح محمد خان نے، جس میں یہ پوچھا گیا تھا محکمہ خزانہ سے کہ ہمارے صوبے میں جو وصولیوں کی، ٹیکسز کی وصولیوں کی بات ہے، اس میں انہوں نے پوچھا تھا کہ ہمارے صوبے اور دیگر صوبوں میں کیا فرق ہے؟ تو یہ ایڈمٹ کیا گیا ہے کہ یہاں پہ 30% اس سال ریونیو کی مطلب گزشتہ سال ہم نے وصولیاں کی ہیں جبکہ باقی صوبوں نے 44% اپنی ریونیو کی وصولیاں کی ہیں۔ ساتھ میں یہاں پہ بڑی اہم سر! یہ ایک بات میں ہاؤس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں اور میرا سوال بنیادی یہی ہے، محکمہ کہتا ہے کہ "The above position reflects that there is a shortfall of Rs. **58.306** million, which is not encouraging and it is feared that the receipt target for current financial year in respect of your respective department would not be achieved__". تو ہم نے اس میں پراونشل ریونیو اتھارٹی بھی بنائی تھی اور ہم چاہ رہے تھے کہ مطلب ہمارے صوبے میں ریونیو جو ٹارگٹ ہے، وہ پورا کرے، اس وقت ہمارا صوبہ اور محکمہ بالکل اس میں 23% تک ہے تو یہ بالکل فیل ہوا ہے، اس کی وجوہات کیا ہیں؟ کیا مقامی ریونیو جو Receipts ہماری کم ہیں، کیا اس میں رکاوٹ ہے؟ اس کی وضاحت مجھے، کیونکہ یہ بہت بڑا اہم مسئلہ ہمارے صوبے کو درپیش ہے۔ سر! اس سوال کو Lapse نہ کریں، میں کہتا ہوں کہ اس کو Detailed discussion کیلئے بھی وہ کرلیں اور یہ بہت بڑا ہمارے صوبے کا، اس کا فنانس کا انحصار ہے اس پر۔

جناب سپیکر: عنایت خان! منسٹر فنانس نہیں ہیں تو آپ اس پر۔ عنایت صاحب! اس کو پھر پینڈنگ کریں؟ عنایت!

سینیئر وزیر (بلدیات): سر! دیکھیں ایک تو یہ ہے کہ موؤر غیر حاضر ہے، کسی اور نے اس کو موؤ کیا ہے لیکن دوسرا یہ ہے کہ فنانس منسٹر نے، میرا خیال تھا کہ پارلیمانی سیکرٹری کو Communicate کیا ہے لیکن

فنانس منسٹر صاحب نے ان کو بھی Communicate نہیں کیا ہے، اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ فنانس منسٹر Absent، وہ نہیں ہیں اس وقت تو اس کو ان کے آنے تک پینڈنگ رکھیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تو اس کو پینڈنگ کرتے ہیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): اور موؤر بھی نہیں ہے سر۔ Sir! Mover is not around, mover is not around.

(Pandemonium)

جناب سپیکر: اس کو پینڈنگ رکھتے ہیں Next Friday۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: جی نلوٹھا صاحب۔ پینڈنگ رکھتے ہیں اس کو، اس کو پینڈنگ کرتے ہیں۔ میں ایک دفعہ پھر، میں آج پھر، میں منسٹر صاحب! آپ لوگوں کو میں Warn کرتا ہوں، آپ کی اپنی، جو بھی آپ کا اسمبلی بزنس آتا ہے، اس کیلئے Proper تیاری ہو اور اسمبلی میں Proper اس کی ذمہ داری کا احساس کریں۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: جی بس، 'کوئسچنز آور' ختم ہو گیا۔

جناب محمد علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ): جناب سپیکر!

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: جی محمد علی کچھ بولتا ہے، اس کے بعد آپ کو۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: سپیکر صاحب، داسې ده جی چې زمونږه درې کوئسچنې دی نن، یو د ملک بهرام صاحب، یو د سید جانان صاحب، یو د صالح محمد صاحب، چونکه مونږ سره خو دا کوئسچنې وې او هغه مونږ ته منسټر صاحب وئیلی وو خو دا ستار صاحب چې پاڅیدو نو مونږ وئیل چې دا خو د دوئ خپل ایشوز وی، چونکه هغه خو د ده سره Concerned نه وو، صالح محمد صاحب ناست دے، که دوئ خبره کوی نو بالکل هغه سره به زه خبره اوکړم، که دوئ مونږ سره په وقفه کښې کښینی، که زه د ده سره، د دې سوال د جواب نه

مطمئن نه وو، که دے دا کمیټئ ته بیا لیږی او که په دې باندې ډسکشن کوی، صالح محمد صاحب خو هلته نا ست دے۔

## غیر نشاندار سوالات اور انکے جوابات

1381 _ مفتی سید جانان: کیاوزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبائی حکومت کو مرکزی حکومت کی طرف سے گیس و تیل کی مد میں رقم ملتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2008 سے تاحال حکومت کو مذکورہ مد میں کتنی رقم ملی ہے، ایئر وائز تفصیل فراہم کی جائے، نیز مذکورہ رقم حکومت نے کہاں کہاں خرچ کی ہے، کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں۔

(ب) سال 2008 سے اب تک 80,435.024 ملین روپے ملے ہیں۔

ائروائز تفصیل درجہ ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| سال 2008-09 | 4239.772 ملین روپے |
| سال 2009-10 | 4515.899 ملین روپے |
| سال 2010-11 | 16568.812 ملین روپے |
| سال 2011-12 | 18764.964 ملین روپے |
| سال 2012-13 | 19630.710 ملین روپے |
| سال 2013-14 (6 ماہ) | 16714.867 ملین روپے |
| میزان | 80,435.024 ملین روپے |

مذکورہ بالا رقم Provincial Consolidated Fund کا حصہ بننے کے بعد اس میں سے 10% حصہ تیل و گیس رائلٹی کی مد میں منہا کر کے متعلقہ اضلاع کو بروئے منظور شدہ پالیسی کے تحت متعلقہ اضلاع کی ترقیاتی سکیموں کیلئے جاری کئے جاتے ہیں جبکہ بقایا 90% رقم سے صوبائی حکومت بشمول اور مدات آمدن بجٹ میں مختص کئے گئے ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات پورے کرتی ہے۔

1909 _ جناب اعظم خان درانی: کیاوزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری ملازمین کو کارپوریشن حدود میں ذاتی گھر پر ہاؤس سبسڈی دی جاتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ ہاؤس سبسڈی کا طریقہ کار کیا ہے؛

(ii) محکمہ کے پاس تاحال کتنی درخواستیں زیر التواء پڑی ہیں، درخواست کنندگان کے نام، محکمہ اور درخواست دینے کی تاریخ کی تفصیل، نیز حکومت مذکورہ درخواستوں کو کب تک نمٹانے کا ارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) محکمہ انتظامیہ ان صوبائی سرکاری ملازمین کو جو کہ میونسپل کارپوریشن پشاور کی حدود میں ذاتی مکانات میں رہائش پذیر ہوں اور میونسپل کارپوریشن کی حدود میں تعینات ہوں، کو ایک مروجہ طریقہ کار یعنی گھر کا انتقال، منظور شدہ نقشہ، لٹ سرٹیفیکیٹ اور دیگر ضروری دستاویزات کو اپنے محکمہ کی وساطت سے بھیجے جانے کے بعد سبسڈی کمیٹی کی منظوری کے بعد سبسڈی دی جاتی ہے۔

(ii) محکمہ کے پاس جتنی بھی درخواستیں زیر التواء ہیں، ان کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔ محکمہ اس سلسلے میں یہ وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہے کہ پچھلے سالوں میں ہاؤس سبسڈی کی فراہمی روک دی گئی تھی جس کی بڑی وجہ ملازمین کی طرف سے جعلی دستاویزات جمع کرا کر ہاؤس سبسڈی وصول کرنا تھی، اس وجہ سے بہت سی درخواستیں جمع ہو گئیں۔ اب محکمہ نے طریقہ کار تبدیل کر کے دوبارہ سبسڈی کیسز کی پراسسنگ شروع کر دی ہے۔ اب ہر محکمہ میں سبسڈی کی درخواستوں کی جانچ پڑتال کیلئے سب کمیٹیاں بنائی گئی ہیں، اس طرح تمام جمع شدہ درخواستوں کو کم عرصہ میں نمٹا دیا جائے گا۔

2144 _ سید محمد علی شاہ: کیاوزیر لائیوسٹاک ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیٹل بریڈنگ اینڈ ڈیری فارم ہری چند ضلع چارسدہ میں ملک (دودھ) پراسیس پلانٹ نصب کیا گیا تھا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پلانٹ کب نصب کیا گیا تھا، نیز کس طریقہ کار کے تحت مذکورہ پلانٹ خریدا گیا، ٹینڈر بمعہ مکمل دستاویزات فراہم کئے جائیں، نیز یہ بھی وضاحت کی جائے کہ جس پلانٹ کیلئے ٹینڈر کیا گیا تھا، آیا اسی Specification کا پلانٹ خریدا گیا، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے لائیو سٹاک): (الف) جی ہاں۔

(ب) مذکورہ پلانٹ جون 2013 میں باقاعدہ اخباری اشتہار کے ذریعے خریدا گیا ہے جو کہ محکمے کی فراہم کردہ Specification کے مطابق ہے۔ تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

2187 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہاٹ میں محکمہ زراعت کے ماڈل فارمز ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ زراعت ماڈل فارمز کو فنڈ مہیا کرتا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 14-2013 کی اے ڈی پی میں کتنا فنڈ ضلع کوہاٹ کے ماڈل فارمز کیلئے رکھا گیا ہے؛

(ii) نیز یہ بھی بتایا جائے کہ ماڈل فارمز کون بناتا ہے اور ان کو فنڈنگ کہاں سے ہوتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ محکمہ زراعت (شعبہ توسیع) ماڈل فارمز کو فنڈز مہیا کرتا ہے۔

(ج) (i) سال 14-2013 کی اے ڈی پی میں ماڈل فارمز کیلئے کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا تھا۔

(ii) ماڈل فارمز صوبائی حکومت محکمہ زراعت (شعبہ توسیع) نے بنائے ہیں۔

ماڈل فارمز کی باقاعدہ منظوری صوبائی اسمبلی خیبرپختونخوا نوٹیفیکیشن نمبر PA/Khyber Pakhtunkhwa/bills/2014/10027, dated 26-03-2014 میں موجود ہے جو کہ The Khyber Pakhtunkhwa Farm Services Centers Act, 2014 کے تحت کام کر رہے ہیں۔

ماڈل فارمز کی فنڈنگ (Revolving Fund) کی تفصیل درج ذیل ہے:

ضلع کوہاٹ میں رجسٹرڈ شدہ زمینداروں کی کل تعداد 2408 ہے:

| | |
|---|---|
| 1۔ رجسٹرڈ شدہ زمینداروں کی رجسٹریشن سے | |
| حاصل شدہ رقم بحساب 100 روپے Per زمیندار | 240800 روپے |
| 2۔ رجسٹرڈ شدہ زمینداروں کی حصص سے | |
| حاصل شدہ رقم بحساب 500 روپے Per زمیندار | 1204000 روپے |
| 3۔ صوبائی حکومت محکمہ زراعت (شعبہ توسیع) | |
| کی مہیا کردہ رقم بابت (Matching Grant) | 5300000 روپے |
| 4۔ زرعی اشیاء کی فروخت سے حاصل شدہ | |
| منافع (بیج، کھاد، زرعی ادویات وغیرہ) | 1670394 روپے |
| 5۔ ماڈل فارمز زراعت میں تاحال کل موجود سرمایہ | 8415194 روپے |

اس فنڈ کے استعمال سے ماڈل فارمز سروسز کسانوں کے زرعی عوامل ان کی دہلیز پر پہنچاتے ہیں۔ ماڈل فارمز کے اہداف میں زرعی اشیاء مثلاً بیج، کیمیائی کھادیں، زرعی ادویات وغیرہ کی خریداری اور بعد ازاں فروخت محکمہ زراعت کے اہلکاروں اور رجسٹرڈ زمینداروں کی منتخب کردہ تنظیمی کمیٹی (مینجمنٹ کمیٹی) کی باہمی مشاورت سے کی جاتی ہے جو کہ رجسٹرڈز مینداروں کے ساتھ خاص رعایت برتتے ہیں۔

2191 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی کے زیر انتظام حلقہ PK-79 ضلع بونیر میں مختلف ٹیوب ویلز موجود ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ان میں بعض ٹیوب ویلز فعال اور بعض غیر فعال ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ حلقہ میں موجود ٹیوب ویلز کی تعداد بمعہ مقام کی تفصیل، نیز حکومت غیر فعال ٹیوب ویلز کی مرمت کا ارادہ رکھتی ہے۔ اگر ہاں تو ان کی مرمت پر آنے والے اخراجات کا تخمینہ لاگت اور اس سلسلے میں حکومتی پالیسی کی بھی وضاحت کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر آبپاشی): (الف) یہ درست نہیں ہے۔

(ب) یہ بھی درست نہیں ہے۔
(ج) اس سلسلے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ ضلع بونیر کے حلقہ PK-79 میں کوئی سرکاری ایریگیشن ٹیوب ویل موجود نہیں ہے جس کی مرمت اور دیکھ بال محکمہ ایریگیشن کی ذمہ داری ہوتاہم مزید وضاحت کی جاتی ہے کہ حکومت نے مالی سال 95-1994 کے دوران ایک پالیسی مندرجہ ذیل TOR کے ساتھ وضع کی تھی:
1۔ محکمہ ایریگیشن آئندہ نئے ٹیوب ویل بمعہ پمپ ہاؤس تعمیر کرے گا۔
2۔ ٹیوب ویل کیلئے زمین کی فراہمی متعلقہ زمینداران بغیر کسی معاوضہ کے پابند ہوں گے اور بعد میں کسی دعوے کے حقدار نہیں ہوں گے۔
3۔ایسے ٹیوب ویل تکمیل کے بعد باقاعدہ ایک معاہدہ کے تحت زمینداروں کے حوالے کئے جائیں گے جس کی مرمت، دیکھ بھال اور استعمال پر اٹھنے والے اخراجات وغیرہ بذمہ زمینداران ہوں گے، لہذا اسی پالیسی کے تحت ضلع بونیر کے حلقہ Pk-79 میں لگائے گئے ٹیوب ویلوں کی تعداد بمعہ مقام تنصیب کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | مقام تنصیب | تعداد |
|---|---|---|
| 01 | بائی کلے، غازی خانئ اور بلوخان | 3 |
| 02 | جوڑ ایریا | 3 |
| 03 | ڈگر میرا، جندرہ تورورسک اور انغاپور ایریا | 3 |

2192 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی کے زیر انتظام حلقہ PK-79 ضلع بونیر میں مختلف مقامات پر ایریگیشن چینلز اور کینال موجود ہیں؛
(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان چینلز اور کینال میں بعض قابل مرمت ہیں جن کی مرمت محکمہ ہذا کی ذمہ داری ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو چینلز کی تعداد، لمبائی اور مقامات کی نشاندہی کی جائے، نیز حکومت قابل مرمت چینلز کی مرمت کا ارادہ رکھتی ہے، اگر جواب مثبت میں ہو تو ان کی مرمت پر آنے والے اخراجات کا تخمینہ اور حکومتی پالیسی کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر آبپاشی): (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(ج) ضلع بونیر کے حلقہ PK-79 میں کل تین عدد سرکاری ایریگیشن چینلز موجود ہیں جن کے نام، لمبائی، مقام اور ان کی مرمت کیلئے مالی سال 15-2014 کی بجٹ بک اور منظور شدہ پی سی ون میں مختص شدہ رقم کی تفصیل ہر ایک کے سامنے درج ہے:

| نمبر شمار | نام چینل | لمبائی فٹ | مختص شدہ رقم |
|---|---|---|---|
| 01 | سینگائی | 13800 | 175,000 |
| 02 | ایلیئ | 9000 | 160,000 |
| 03 | غائی خانئ | 8000 | 110,000 |

جہاں تک چینلز کی مرمت اور دیکھ بھال پر اٹھنے والے اخراجات اور حکومتی پالیسی کا تعلق ہے، اس سلسلے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ ہر مالی سال کی بجٹ بک کی تیاری سے پہلے محکمہ ہذا نہروں اور اعرابوں (ڈرین) وغیرہ کی مرمت کیلئے ضرورت کے بنیاد پر تخمینہ جات تیار کر کے محکمہ مالیات کو بغرض بجٹ بک میں شامل کرنے کیلئے بھیجے جاتے ہیں جس کے بعد بجٹ بک میں مختص شدہ رقومات کی بنیاد پر محکمہ ہذا پی سی ون وغیرہ تیار کر کے منظوری کیلئے متعلقہ فورم کو ارسال کرتا ہے اور باقاعدہ منظوری کے بعد مرمت وغیرہ کا کام کیا جاتا ہے۔ مزید برآں یہ کام Closure نوعیت کے ہیں، لہٰذا اس پر کام رواں نہر بندی کے دوران کیا جائے گا۔

وضاحتی بیان بابت سوال نمبر 2192۔

اعراب (ڈرین)

جیسا کہ کینال اینڈ ڈرینج ایکٹ 1873 میں وضاحت کی گئی ہے کہ کسی بھی نہر، ڈیم، ویئر، حفاظتی پشتہ اور دوسری ان جیسی تعمیرات سے فالتو پانی کے اخراج، سیلابی پانی کی روک تھام اور سیم و تھور سے زرعی

زمینوں کو بچانے کیلئے جو ندی یا نالہ تعمیر کیا جاتا ہے، اسے ڈرین یا اعراب کہا جاتا ہے۔اس قسم کے اعرابوں کی تعمیر و مرمت اور دیکھ بھال محکمہ ایریگیشن کے دائرہ کار میں شامل ہے، نیز ان جیسے اعرابوں/ڈرین سے مراد وہ نالہ یا ڈرین نہیں ہے جو کہ شہر یا ٹاؤن کی آلودہ پانی کی نکاسی کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔

2196 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر زراعت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ زراعت کے زیر انتظام حلقہ PK-79 ضلع بونیر میں آبپاشی کے مختلف ٹیوب ویلز موجود ہیں؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ان میں ٹیوب ویلز میں بعض فعال اور بعض غیر فعال ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو فعال اور غیر فعال سکیمز کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے، نیز غیر فعال ٹیوب ویلز کی مرمت اور فعالیت پر آنے والے اخراجات کا تخمینہ جات اور حکومتی پالیسی کی وضاحت بھی کی جائے؟

جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ محکمہ زرعی انجینئرنگ کے زیر انتظام حلقہ PK-79 بونیر میں آبپاشی کے مختلف ٹیوب ویلز موجود ہیں۔

(ب) وہ تمام ٹیوب ویلز جو محکمہ زرعی انجینئرنگ کے توسط سے لگائے گئے ہیں، فعال ہیں۔

(ج) محکمہ ہذا نے سال 2009-10 سے لیکر سال 2012-13 تک حلقہ PK-79 بونیر میں کل دس عدد ٹیوب ویلز لگائے ہیں، یہ تمام ٹیوب ویلز فعال ہیں جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

1۔ سال 2009-10 میں تین عدد ٹیوب ویلز لگائے ہیں۔

2۔ سال 2010-11 میں دو عدد ٹیوب ویلز لگائے ہیں۔

3۔ سال 2011-12 میں دو عدد ٹیوب ویلز لگائے ہیں۔

4۔ سال 2012-13 میں تین عدد ٹیوب ویلز لگائے ہیں۔

2203 _ جناب صالح محمد: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایسے تمام پراجیکٹس جن کی میعاد پوری ہوچکی ہو، ان کے تمام اثاثہ جات، گاڑیاں و دیگر سامان لسٹ (Inventory) کے مطابق وصول کرکے قانون کے مطابق نیلام کرکے اس سے ہونے والی آمدنی قومی خزانے میں جمع کردی جاتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو موجودہ حکومت کے برسراقتدار آنے سے لیکر اب تک ایسے کتنے پراجیکٹس کے اثاثہ جات نیلام کرچکی ہے، پراجیکٹس وار تفصیلات فراہم کی جائیں اور اس مد میں اب تک جمع شدہ آمدنی کی بھی تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) پراجیکٹس کا تعین، اس کی میعاد، اثاثہ جات اور دیگر سامان کی معلومات کا پتہ متعلقہ محکموں سے کیا جاسکتا ہے۔

(ب) اور جہاں تک گاڑیوں کی نیلامی کا تعلق ہے تو موجودہ حکومت کے برسراقتدار آنے سے لیکر اب تک سرکاری گاڑیوں کی نیلامی کے چھ ادوار ہوئے ہیں، یہ گاڑیاں ناکارہ حالت میں مختلف محکموں سے وصول ہوتی ہیں جس میں وضاحت نہیں ہوتی کہ آیا یہ پراجیکٹ کی گاڑی ہے یا محکمے کی ہے۔ ان میں بعض گاڑیاں جو استعمال کے قابل ہوں، دوسرے محکموں کو ضرورت کے مطابق فراہم کی جاتی ہیں اور جو گاڑیاں استعمال کے قابل نہیں ہوتیں تو ان کو نیلام کیا جاتا ہے۔ اس نیلامی سے حاصل ہونے والی آمدنی قومی خزانے میں جمع کی جاچکی ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

Detail of (6) phases of auction

| S.#. | Phase | Dated | No. of vehicles | No. of M.Cycles | Total bid amount | Incomee Tax | Total amount |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 67th | 17/09/2013 | 20 | - | 9470000 | 947000 | 10417000 |
| 2 | 68th | 11/03/2014 | 56 | 12 | 18331000 | 1833100 | 20164100 |
| 3 | 69th | 20/03/2014 | 45 | 14 | 21508000 | 2150800 | 23658800 |
| 4 | 70th | 18/06/2014 | 79 | 27 | 33191000 | 3319100 | 36510100 |
| 5 | 71st | 19/08/2014 | 50 | - | 19517000 | 1951700 | 21468700 |
| 6 | 72nd | 10/11/2014 | 36 | - | 13795000 | 1379500 | 15174500 |
| Total | | | | | **115812000** | **11581200** | **127393200** |

2204 _ جناب صالح محمد: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبائی ملازمین کو سرکاری رہائش گاہیں میرٹ پر الاٹ کی جاتی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ملازمین کی ویٹنگ لسٹ فراہم کی جائے اور ساتھ ساتھ یہ بھی بتایا جائے کہ یہ لوگ کتنے عرصہ سے سرکاری رہائش گاہ کی الاٹمنٹ کے منتظر ہیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) صوبائی ملازمین کی ویٹنگ لسٹ کی Verification تکمیل کے مراحل میں ہے جو نہی مکمل ہو گی، فراہم کی جائے گی۔

2205 _ جناب بہرام خان: کیاوزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے منسٹریل سٹاف کی اپ گریڈیشن کے دوران سپر نٹنڈ نٹس بی پی ایس 16 کو اپ گریڈ کر کے بی پی ایس 17 دیا ہے؛

(ب) یہ بھی درست ہے کہ محکمہ تعلیم کے بجٹ اینڈ اکاؤنٹس آفیسر کو سپر نٹنڈ نٹ کی پوسٹ سے سنیارٹی کی بنیاد پر بجٹ اینڈ اکاؤنٹس آفیسر کی پوسٹ پر ترقی دی جاتی ہے۔ حالیہ اپ گریڈیشن کے دوران بجٹ اینڈ اکاؤنٹس آفیسر کو نظر انداز کر کے ان کو اسی بی پی ایس 16 میں رکھا گیا ہے جو سینارٹی کے لحاظ سے سپر نٹنڈ نٹ سے سینیئر ہوتا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا حکومت بجٹ اینڈ اکاؤنٹس آفیسر ز میں پھیلی ہوئی بے چینی کو ختم کرنے کیلئے بی پی ایس 17 دینے کا ارادہ رکھتی ہے، نیز اب تک اس سلسلے میں کئے گئے اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں، صوبائی حکومت نے بذریعہ نوٹیفیکیشن NO.FD/SO(FR)10-22/2014 dated 20-05-2014 سپر نٹنڈ نٹس کو بی ایس 16 سے بی پی ایس 17 میں اپ گریڈ کیا ہے۔ اس ضمن میں محکمہ اسٹیبلشمنٹ نے ایک سمری تیار کی تھی جس پر اخراجات کا تخمینہ محکمہ خزانہ نے بنایا۔ مجاز حکام سے منظوری کے بعد منسٹریل سٹاف کی اپ گریڈیشن محکمہ خزانہ نے نوٹیفائی کیا ہے۔ (اس سلسلے میں محکمہ خزانہ کی مذکورہ بالا نوٹیفیکیشن ملاحظہ کی گئی)

(ب) مذکورہ بیان کی تصدیق یا تردید محکمہ تعلیم سے متعلقہ ہے، البتہ یہ واضح ہے کہ مذکورہ اپ گریڈیشن صرف منسٹریل سٹاف کیلئے کی گئی ہے اور دیگر کیڈرز کو اس کیس میں شامل نہیں کیا گیا۔

(ج) اس حوالے سے صوبائی حکومت نے چیف سیکرٹری کے چیئر مین شپ میں ایک ہائی لیول کمیٹی بنائی ہے جس میں تمام ایسے کیسز کا جائزہ لیا جائیگا جن کیڈرز کے انتظامی ڈھانچے میں ملازمین کی ترقی کے مناسب

مواقع موجود نہ ہوں۔اس سلسلے میں کمیٹی کی مسلسل میٹنگز ہو رہی ہیں جو کہ ایک جامع رپورٹ مرتب کر کے مجاز حکام کی منظوری کیلئے ارسال کرے گی۔

2227 _ جناب ارشد علی: کیا وزیر عشر و زکواۃ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2010 سے 2014 تک زکواۃ مختلف مدوں میں ضلع چارسدہ کے مستحقین کو رقم دی گئی ہے جبکہ سال 2010 کے فلڈ ریلیف میں بھی چارسدہ کی زکواۃ کمیٹی کو فنڈ فراہم کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 2010 سے 2012 کے دوران جن مستحقین کو آبادکاری سکالرشپ اور جہیز کی مد میں رقم ادا کی گئی، ان کے نام مقامی کمیٹی کے نام، پتہ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز فلڈ ریلیف میں جن مستحقین کو رقم دی گئی، ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) سال 14-2013 میں جن مقامی کمیٹیوں کو مستحقین کے نام پر رقم فراہم کی گئی اور مقامی کمیٹیوں میں برابری کی سطح پر تقسیم کی گئی ہے تو مقامی کمیٹیوں کے نام، مستحقین کے نام اور رقم کی تفصیل علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائے؟

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ و عشر): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) (i) سال 2010 سے 2012 کے دوران آبادکاری کے سلسلے میں کوئی فنڈ جاری نہیں کیا، جبکہ 2010 سے 2012 کے دوران سکالرشپ اور جہیز کی مد میں جو رقم مستحقین کو ادا کی گئی، ان کی تفصیل بشمول فلڈ ریلیف برائے سال مذکورہ درج ذیل ہے:

تفصیل برائے سال 2010-2011:

| نمبر شمار | مد | رقم | نام مقامی زکواۃ کمیٹی/ مستحق |
|---|---|---|---|
| 1۔ | آبادکاری | --- | --- |
| 2۔ | فلڈ ریلیف | 30,000,000 | ضمیمہ الف |
| 3۔ | سکالرشپ (تعلیمی) | 2,479,848 | ضمیمہ ب |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 4۔ | سکالرشپ(فنی) | 56,70,000 | ضمیمہ ج |
| 5۔ | جہیز | 22,20,000 | ضمیمہ د |
| | کل | 40,369,848 | |

تفصیل برائے سال 2011-12:

| نمبر شمار | مد | رقم | نام مقامی زکواۃ کمیٹی/ مستحق |
|---|---|---|---|
| 1۔ | آبادکاری | --- | --- |
| 2۔ | فلڈ ریلیف | 30,000,000 | ضمیمہ ذ |
| 3۔ | سکالرشپ(تعلیمی) | 19,28,670 | ضمیمہ ر |
| 4۔ | سکالرشپ(فنی) | 31,78000 | ضمیمہ د |
| 5۔ | جہیز | 950,000 | ضمیمہ س |
| | کل | 36,056,670 | |

تفصیل برائے سال 2012-13:

| نمبر شمار | مد | رقم | نام مقامی زکواۃ کمیٹی/ مستحق |
|---|---|---|---|
| 1۔ | آبادکاری | --- | --- |
| 2۔ | فلڈ ریلیف | --- | --- |
| 3۔ | سکالرشپ(تعلیمی) | 10,38,350 | ضمیمہ ش |
| 4۔ | سکالرشپ(فنی) | 91,98,000 | ضمیمہ ص |
| 5۔ | جہیز | 850,000 | ضمیمہ ط |
| | کل | 11, 126,350 | |

(ii) سال 2013-14 میں جن مقامی کمیٹیوں کو رقم فراہم کی گئی، ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔ دریں ضمن یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ مقامی زکواۃ کمیٹیوں کو گزارہ الاؤنس آبادی کے تناسب سے فراہم کیا جاتا ہے نہ کہ برابری کی سطح پر۔

| نمبر شمار | مد | رقم | نام مقامی زکواۃ کمیٹی/ مستحق |
|---|---|---|---|
| 1۔ | گزارہ الاؤنس | 72,60,000 | ضمیمہ ع(کمیٹی وائز تفصیل بمعہ فراہمی فنڈ) |
| 2۔ | سکالرشپ (تعلیمی) | 14,07,612 | ضمیمہ ف |
| 3۔ | سکالرشپ (فنی) | --- | --- |
| 4۔ | جہیز | 14,55,000 | ضمیمہ ق |
| | کل | 10,122,612 | |

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جی یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں، چھٹی کی درخواستیں میں اناؤنس کروں اس کے بعد۔ یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں: جناب اعظم خان درانی صاحب، 20-02-2015؛ جناب شکیل احمد صاحب ایڈوائزر، 20-02-2015؛ جناب امتیاز شاہد قریشی، 20-02-2015؛ جناب ابرار حسین شاہ صاحب، 20-02-2015؛ محترمہ دینا ناز صاحبہ، 20-02-2015؛ جناب عزیز اللہ خان صاحب، 20-02-2015؛ محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی، 20-02-2015؛ جناب فضل حکیم صاحب ایم پی اے، 20-02-2015؛ جناب ارشد علی ایم پی اے؛ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: جی عارف یوسف صاحب! عارف یوسف صاحب، اس بعد آپ کو موقع دیتے ہیں۔ مولانا لطف الرحمان صاحب، اس کے بعد عارف آپ کو ملے گا۔ مولانا لطف الرحمان صاحب۔ ایک مہربانی کریں جی، سب کو موقع ملے گا، میں سب کو Accommodate کروں گا Do not worry۔ مولانا لطف الرحمان صاحب۔

## رسمی کارروائی

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں اہم بات کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ یہ جو پچھلے دنوں اندوہناک واقعہ ہوا تھا حیات آباد میں امام بارگاہ میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: (اراکین اسمبلی سے) آپ مہربانی کریں جی، House in order, please, pleaseتوجہ دیں جی۔

قائد حزب اختلاف: یہ سپیکر صاحب! افسوس ہے کہ اس حوالے سے کوئی بات سامنے نہ آ سکی اور اتنا بڑا واقعہ ہوا۔ اس سے پہلے جو واقعہ ہوا تھا، اس نے پورے پاکستان کو کیا پوری دنیا کو ہلایا لیکن یہ بھی کوئی چھوٹا واقعہ نہیں تھا۔ اتنے لوگ اس میں شہید ہوئے ہیں اور خاص طور پہ آج کل جو ایک لہر چلی ہوئی ہے، امام بارگاہوں کو ٹارگٹ کیا جا رہا ہے جناب سپیکر، جناب سپیکر! مجھے سمجھ میں نہیں آتا کہ ہماری حکومت جو اس وقت صوبے میں حکومت کر رہی ہے، اس سے جوں تک بھی رینگ نہیں رہی، وہ رینگ نہیں رہی سر، کہ ان کو یہ اندازہ ہو، یہ احساس ہو کہ اتنا بڑا واقعہ ہوا ہے جناب سپیکر! اور یہ صورتحال ان کے سامنے ہے اور اس کا کوئی، اس کی سیکورٹی کا انتظام نہیں ہو رہا۔ ہماری اس حکومت نے جو بل پاس کیا ہے اور وہ بل سیکورٹی کے حوالے سے اور Sensitive places کے حوالے سے، اس حوالے سے تو انہوں نے اپنی جو ذمہ داریاں ہیں، وہ عام لوگوں پر ڈال دیں جناب سپیکر، اور جو ذمہ داری ان کو اٹھانی چاہیئے، اس حوالے سے کوئی بات ہی نہیں کرتا ہے، نہ حکومت نے کوئی اس پہ ندامت کی بات کی، نہ کوئی افسوس کی بات کی، سوائے آئی جی کے بیانات کی حد تک تو میں ان کو سنتا رہا ہوں اور سارے لوگوں نے بھی سنا ہوگا۔ ہم نے پچھلے دنوں اسی میڈیا کے Through بھی بات کی اس حوالے سے کہ یہ انتہائی اہم معاملہ ہے جناب سپیکر! اور ہم سمجھتے ہیں لیکن یہاں تو الٹا یہ کیا جا رہا ہے کہ ایف سی آر کے قانون کی طرح لوگوں پر ذمہ داریاں ڈالی جا رہی ہیں، وہ سکولز جو عام علاقے میں ایک چھوٹے چھوٹے سکولز ہیں، جو لوگ چلا رہے ہیں، Privately چلا رہے ہیں، ان پر ذمہ داری ڈالی ہے جو Afford نہیں کر سکتے کہ آپ کیمرے لگا لیں اور ہم نے جو ہے سیکورٹی کا نظام درست کرنا ہے اور حالات یہ ہیں کہ روز کوئی نہ کوئی اتنا بڑا واقعہ ہو جاتا ہے جو برداشت سے باہر ہوتا ہے لیکن اب ہم اس کے ساتھ اتنے Use too ہو گئے ہیں کہ واقعہ ہو جاتا ہے اور ٹس سے مس ہی نہیں ہوتے۔ اس حوالے سے کوئی ندامت ہی نہیں ہوتی، کوئی افسوس ہی سامنے نہیں آ رہا ہوتا جناب سپیکر، تو جناب سپیکر! ہم سمجھتے ہیں کہ یہ جو سارے واقعات اس حوالے سے ہو رہے ہیں، یہ تو ایک انٹیلی جنس کے تھرو اس کو روکا جا سکتا ہے اور حکومت کا اس حوالے سے اس طرف توجہ ہی نہیں ہے جناب سپیکر، اور نہ ہی

کوئی کوآرڈی نیشن ہے۔ دوسری ایجنسیوں کے ساتھ کوآرڈی نیشن ہو اور ان کو معلومات ہوں اور کون کون سی جگہ پہ انہوں نے تحفظ دینا ہے لوگوں کو، تو کیا اسی طرح لوگ مرتے رہیں گے اور ہم یہاں پہ صرف بات ہی کر سکتے ہیں؟ اور اب تو اس حد تک مسئلہ آگیا کہ اتنے لوگ اس میں شہید ہوئے، سرے سے بات ہی نہیں ہوئی جناب سپیکر! تو یہ ذمہ داری کا احساس حکومت کو کرنا ہو گا اور اس حوالے سے ایوان کو بھی بتایا جائے کہ اتنا بڑا واقعہ ہوا اور وہ کیوں ہوا، اس کی وجوہات کیا ہیں اور اس کے حوالے سے کر کیا رہے ہیں اور لوگوں کو ہم تحفظ کس حوالے سے جناب سپیکر! دے رہے ہیں؟ اور دوسری بات جناب سپیکر! یہ جو اس وقت کو سپیچز ہو رہے ہیں اپوزیشن سائڈ سے اور دوسری سائڈ سے، حکومت کی سائیڈ سے منسٹر ہی نہیں ہوتا ہے، جواب دینے کیلئے بھی کوئی بندہ موجود نہیں ہوتا تو یہ کم از کم Responsibility تو حکومت کی ہے اور حکومت کو اس کا Response بھرپور انداز میں ایوان کو دینا چاہیئے اور اگر یہ اسی طرح چلتا رہا جناب سپیکر! آپ نے پچھلے دنوں بھی رولنگ دی ہے، آج پھر آپ نے Warn کیا ہے تو اس کا کوئی مستقل ایک حل ہونا چاہیئے۔ اسمبلی ہے، ایک سنجیدہ ادارہ ہے اور اس کو سنجیدگی سے جناب سپیکر! چلنا چاہیئے تو یہ ایک دو باتیں مجھے کرنی تھیں۔ بہت بہت شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: عنایت خان!

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: عنایت خان اس کا Response کر لیں، اس کے بعد۔

محترمہ نگہت اورکزئی: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: میڈم! کھلا ٹائم ہے، کوئی ایشو نہیں ہے، جو بولنا چاہتے ہیں، ان شاء اللہ آپ کو موقع ملے گا، Relax ہو کے بیٹھیں، جہاں بھی آپ تسلی کریں گی، چھوڑیں گے آپ کو پھر، عنایت خان! عنایت خان، پلیز۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ محترم جناب لطف الرحمان صاحب لیڈر آف دی اپوزیشن نے حیات آباد امام بارگاہ کے اندر جو واقعہ ہوا ہے، اس حوالے سے جو نکتہ اٹھایا ہے، حقیقت یہ ہے کہ بہت زیادہ افسوس کن واقعہ ہے اور حکومت نے اس کی

مذمت کی ہے، حکومت کے نمائندے وہاں گئے ہیں، چیف منسٹر نے وہاں وزٹ کیا ہے، سینیئر منسٹر فار ہیلتھ نے جگہ کا بھی وزٹ کیا، زخمیوں کی بھی عیادت کی، اسی طرح وزیر اعلیٰ صاحب خود بھی گئے، میں نے بھی اگلے روز مریضوں کی بیمار پرسی کی اور سی سی پی او اور آئی جی پی جگہ پہ گئے ہیں۔ اس طرح نہیں ہے کہ حکومت نے بالکل اس کو، اس کا احساس نہیں کیا ہے لیکن مولانا صاحب جانتے ہیں کہ یہ پورا ملک جو ہے، یہ ایک جنگ کے اندر پھنسا ہوا ہے اور یہ جو موجودہ بدامنی ہے، یہ کوئی لوکل مسئلہ نہیں ہے اور اس کو آپ In isolation نہیں دیکھ سکتے ہیں، یہ اس پورے ریجن کے اندر جو سیچویشن ہے، اس کے ساتھ Linked ہے۔ مولانا صاحب کو خود بھی اس کا احساس ہے، اس پہ پشاور کے اندر آل پارٹیز کانفرنس ہوئی ہے، اس پہ اسلام آباد کے اندر آل پارٹیز کانفرنس ہوئی ہے، اس پہ پھر Recommendations آئی ہیں، اگر یہ صوبائی مسئلہ ہوتا تو مرکز کے اندر ساری پولیٹیکل پارٹیز مل کے سر جوڑ کے اس کیلئے سٹریٹیجی بناتے، اس کیلئے بیس نکاتی ایجنڈا اور پلان ترتیب دیا گیا ہے، ایکشن پلان ترتیب دیا گیا ہے اور اس ایکشن پلان میں صوبائی حکومت، فاٹا سیکرٹریٹ، گورنر صاحب، مرکزی حکومت ان کے سارے ادارے جو ہیں، وہ ایک دوسرے کے ساتھ Linked ہیں۔ ایپکس کمیٹی ہے کہ جس میں گورنر صاحب اس کو چیئر کرتے ہیں اور اس میں چیف منسٹر شرکت کرتے ہیں اور کور کمانڈر ہوتے ہیں، آئی جی ایف سی ہوتے ہیں، ہوم سیکرٹری ہوتے ہیں، چیف سیکرٹری ہوتے ہیں، اے سی ایس فاٹا ہوتے ہیں اور وہ اس ساری سیچویشن کو Review کرتے ہیں اور واقعہ ہوا ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ انتہائی افسوسناک واقعہ ہے، اندوہناک واقعہ ہے، ہم نے اس کی مذمت کی ہے، ہم نے ان کی فیملیز کے ساتھ غمخواری کی ہے، ہم ان کی فیملیز کو Compensation جس طرح حکومت کا طریقہ کار ہے، اس طریقہ کار کے مطابق ان کو ہم Compensate کر رہے ہیں اور حکومت کی جو اپنی Responsibilities ہیں، وہ اس کیلئے Alive ہے، Alert ہے، اس کو پورا کر رہی ہے، یہ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو In isolation نہیں دیکھنا چاہیئے۔ اب راولپنڈی کے اندر بھی واقعہ ہوا ہے، لاہور کے اندر بھی اسی قسم کے دو واقعے ہوئے ہیں، اس طرح حیات آباد کے اندر ایک واقعہ ہوا تو اس کے مقابلے میں دو واقعات جو ہیں اور دو Incidents راولپنڈی اور لاہور کے اندر ہو گئے، اسی لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس سیچویشن کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیئے اور اس میں قومی اتفاق رائے کی ضرورت ہے، اس میں سب کو

ایک دوسرے کے ساتھ مل کر چلنے کی ضرورت ہے اور اس میں یہ Blame game کہ حکومت Insensitive، حکومت Respond نہیں کر رہی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ درست نہیں ہے، حکومت بالکل Alive ہے To the situation حکومت دیکھ رہی ہے، حکومت اس کیلئے پلان بھی کر رہی ہے، وہ ایپکس کمیٹی کے اندر جو جوائنٹ ہمارا قومی ایکشن پلان بنایا ہے، اس کو Implement کرنے کی کوشش بھی کی جارہی ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت اپنی پولیس فورس کو بھی Equip کر رہی ہے، انٹیلی جنس سکول بنایا ہوا ہے، اپنا انٹیلی جنس نیٹ ورک Affective کر رہی ہے، Counter Terrorism Department ہے، وہ Effectively اپنا کام کر رہا ہے اور ہم ساتھ ہی وفاقی حکومت سے بھی اس ایوان کے Through پہلے بھی ہم یہ مطالبہ کرتے رہے ہیں اور دوبارہ یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ جو ایف سی ہے، فرنٹیئر کنسٹیبلری، جو کہ ٹرائبل ایریا اور Settled area کے درمیان بارڈر کو Man کرنے کیلئے، اس کو Protect کرنے کیلئے بنی تھی، وہ واپس کی جائے، یہ پورا جو اس کا اوریجنل کام ہے اسی پہ لگا دیا جائے اور اس کو مکمل طور پہ ہمیں دوبارہ دیا جائے واپس کیا جائے۔ مولانا لطف الرحمان صاحب نے جو سوالات کے حوالے سے بات اٹھائی ہے، میں بالکل ان کے ساتھ Agree کرتا ہوں اور میں سچی بات یہ ہے کہ ایڈمٹ کرتا ہوں اور ہم آپ کی جو انسٹرکشنز ہیں، جو آپ نے محکمہ انتظامیہ کے حوالے سے کہا ہے ڈسپلنری ایکشن کا، وہ بھی ہم آگے Pass on کریں گے۔ جو محکمہ خزانہ کا سوال تھا، اس کے بارے میں تھوڑی کنفیوژن مطلب Miscommunication ہوئی ہے کیونکہ یہ محمد علی صاحب جو ہیں، وہ پارلیمانی سیکرٹری ہیں اور فنانس میں ہیں اور انہوں نے ان سوالات کے جوابات دینے تھے، وہ بالکل تیار تھے لیکن وہ شاید اس وقت بھرپور توجہ نہ دے سکے اور ان کا خیال تھا کہ سپلیمنٹری کوسچن جو ہے وہ صالح محمد صاحب کی طرف سے آئے گا اور وہ اس پہ دھیان نہیں دے سکے، اس کیلئے ہم معافی چاہتے ہیں اور ہم کوشش کریں گے کہ وزراء کی حاضری کو بھی یقینی بنائیں اور جو ممبران صاحبان پبلک انٹرسٹ میں سوالات کرتے ہیں، جو انفارمیشنز مانگتے ہیں، ان کو پورا پورا ہم فراہم کریں۔ اس حوالے سے ہم معذرت چاہتے ہیں۔

جناب سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی! آپ ایک منٹ اگر موقع دیں، یہ ریزولیوشن پاس کرنا چاہتے ہیں۔ یہ ایک ریزولیوشن عارف صاحب پیش کرلیں، اس کے بعد جو ہیں نا آپ اپنی بات کرلیں۔ ایک ریزولیوشن ہے۔ جی۔

## سینیٹ الیکشن کے انعقاد کیلئے اسمبلی چیمبر استعمال کرنے کی اجازت

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون): شکریہ جناب سپیکر۔ میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد وضوابط رولز 1988 کے قاعدہ 240 کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ قاعدہ 245 کو معطل کیا جائے اور اسمبلی چیمبر کو 05 مارچ 2015 کو سینیٹ الیکشن کے سلسلے میں بطور پولنگ سٹیشن استعمال کرنے کی اجازت دی جائے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Arif Yousaf, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously. Ji, Madam!

## رسمی کارروائی

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ کہنے کیلئے بہت کچھ ہے لیکن بات یہ ہے کہ پچھلے دو سالوں سے جناب سپیکر! مجھے افسوس ہے آپ کسٹوڈین آف دی ہاؤس ہیں اور ایک ایسی چیئر پر بیٹھے ہوئے ہیں کہ جس کا احترام اپوزیشن اور جو ہماری اقتدار والی کرسیوں پر بیٹھے ہوئے لوگ ہیں، یہ سب کرتے ہیں اور تمام بیوروکریسی جو ہے، ان کو بھی کرنا چاہیئے لیکن جناب سپیکر صاحب! پچھلے دو سالوں سے آپ باقاعدہ رولنگز دے رہے ہیں، کرسیاں سامنے دیکھیں بالکل خالی پڑی ہوتی ہیں، کوئی کسی قسم کی ایڈمنسٹریشن جو ہے، وہ یہاں پہ موجود نہیں ہوتی ہے۔ میں چونکہ آپ کے توسط سے بات کرنا چاہوں گی، عنایت اللہ صاحب نے ان تمام باتوں کا، انہوں نے سیکورٹی کے حوالے سے بھی بہت زیادہ بات کی لیکن اس میں جناب سپیکر صاحب! ایک شعر ہے اقبال کا کہ:

گفتار کے غازی بن تو گئے کردار کے غازی بن نہ سکے۔

مطلب یہ کہ ساری باتیں سب سیکورٹی، سب آئی جی صاحب، چیف سیکرٹری صاحب سب کام کررہے ہیں لیکن ہمیں جو نتیجہ مل رہاہے، وہ صفر میں مل رہاہے جناب سپیکر صاحب! اور جناب سپیکر صاحب! چونکہ اس جگہ کو میں خود جو امام بارگاہ ہے، میں یہاں پہ خود گئی ہوں، فرحت اللہ بابر صاحب کو لیکر ساتھ گئی ہوں زرداری صاحب کی ہدایات کے مطابق اور جناب سپیکر صاحب! مجھے افسوس یہ ہوا ہے کہ وہاں پہ بالکل جی میں آپ کی بات کو Endorse کروں گی کہ "ایک زرداری سب پہ بھاری"، بات یہ ہے جناب سپیکر صاحب! کہ وہاں پہ جب میں گئی ہوں تو وہاں سے مجھے یہ پتہ چلاہے کہ جن عمارتوں سے وہ خودکش آئے ہیں اور انہوں نے وہاں سے فائرنگ کی ہے، اس کے بارے میں میں پچھلے تین مہینے سے یہ یہاں پہ Threat بھی موجود تھا، میں آپ کے توسط سے جو وزیر صاحب نے اتنی Explanation دی ہے حالانکہ یہ میرا سبجیکٹ نہیں تھا، میرا پوائنٹ آف آرڈر کسی اور بات پہ تھا لیکن میں پہلے یہ بات کر کے پھر وہ بات کرنا چاہوں گی۔ Threats موجود تھے، وہاں پہ ان لوگوں نے کہا تھا کہ ہمارا ایک پلاٹ ہے، جو خالی پلاٹ ہے کہ جس سے کہ ہمیں خطرہ ہے اور اہل تشیع جو ہیں تو ان کو یعنی امام بارگاہوں پہ پے در پے حملے ہو رہے تھے تو ان کو وہ پلاٹ بھی گورنمنٹ نے نہیں دیا اور اسی خالی پلاٹ سے وہ اندر آئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ساتھ ہی ایف آئی اے کی بلڈنگ ہے اور ساتھ ہی پاسپورٹ آفس ہے، اس کے باوجود لوگ آتے ہیں وہاں پہ یعنی وہ خودکش جو ہے تو تین خودکش مارے جاتے ہیں، ایک خودکش جو ہے وہ زندہ پکڑا جاتا ہے، باقی سب بھاگ جاتے ہیں۔ جناب سپیکر! سیکورٹی کا تو یہ حال ہے اور اس کے جواب میں کہ جو ہمارے آنریبل منسٹر صاحب نے بات کی ہے، میں نے یہ جواب دیا ہے کہ چونکہ میں خود گئی تھی اور میں نے دیکھا اور وہاں کے لوگوں سے ملی ہوں، تو ایک تو میں آپ کے توسط سے گورنمنٹ سے یہ کہوں گی کہ جو خالی پلاٹ پڑا ہوا ہے، مہربانی کرکے ان لوگوں کو دے دیا جائے۔۔۔۔۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: مروانے کے بعد دے دیا ہے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: یہ بھی اچھا ہے کہ مروانے کے بعد دے دیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! ایک سنجیدگی کی بات میں کرنا چاہوں گی کہ پہلے تو ہم نے، ہمارے لئے بہت محترم ہیں تمام پارٹی لیڈرز جو ہیں اور ہم ان کی عزت اسی طرح کرتے ہیں جیسا کہ ہم اپنے پارٹی کے لیڈرز کی عزت کرتے ہیں، جناب سپیکر

صاحب! پہلے کچھ خبروں میں بات آئی کہ عمران خان صاحب نے کہا کہ ہر ایم پی اے کی قیمت ڈھائی کروڑ روپے لگ چکی ہے جو کہ کل مجھ سے الیکشن کمیشن میں کوئسچن بھی ہوا تو میں نے ان سے کہا کہ آپ جی عمران خان صاحب سے پوچھیں اور پھر کل مجھے بہت افسوس ہے، میں آپ کے توسط سے کہ ہمارے اتنے Senior Politician، ہمارے امیر، جماعت اسلامی کے امیر انہوں نے کہا کہ ایم پی ایز جو ہیں تو وہ بھیڑ بکریوں کی طرح بکنے جا رہے ہیں اور وہ بک رہے ہیں تو یہ جو آج کا سارا ایجنڈا ہے، اس کو ہٹا دیں کیونکہ بھیڑ بکریوں کے سامنے کبھی بھی یہ ایجنڈا اور کبھی بھی یہ سوالات نہیں پوچھے جاتے، یہ جو ایم پی ایز جو منتخب ہوتے ہیں، ان کے سامنے پوچھے جاتے ہیں۔ (تالیاں) جناب سپیکر صاحب! یہ ایک خفیہ بیلٹ ہوتا ہے سینیٹ کا، آج چونکہ ہمارے پریس گیلری میں لوگ موجود ہیں، یہ میں عوام کو بھی بتانا چاہتی ہوں کہ جن کے دلوں میں یا جو ہمارے متعلق یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم اسمبلی میں اسلئے آتے ہیں کہ ہماری قیمت ڈھائی کروڑ روپے لگ جائے گی یا ہماری قیمت جو ہے تو وہ چار کروڑ روپے لگ جائے گی یا ایک کروڑ لگ جائے گی یا پچاس، اکثر مجھ سے سوال کرتے ہیں کہ ہم پانچ لوگ ہیں اور ہم لوگوں نے چار لوگوں کیلئے سینیٹ کے ٹکٹ کیلئے ہم نے Apply کیوں کیا؟ میں اس کا جواب یہ دینا چاہتی ہوں جناب سپیکر صاحب! کہ سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کا جس طریقے سے خفیہ بیلٹ ہوتا ہے اور یہاں پر ہاؤس میں 124 لوگ اپنے مزاج کے مطابق، اپنے معیار کے مطابق، اپنے ضمیر کے مطابق کہ وہ اس شخص کو یہاں اس کرسی پہ بٹھائیں گے جو اس ہاؤس کو اچھے طریقے سے چلا سکے گا، وہ ڈپٹی سپیکر کون ہوگا کہ جو اس ہاؤس کو اچھے طریقے سے چلا سکے گا۔ اسی طرح جناب سپیکر صاحب! ہر شہری کا یہ Right ہے کہ جب اس کو Proposer اور جب اس کو Secoder مل جاتا ہے تو وہ سینیٹ میں داخلہ کروا سکتا ہے اور پھر اس کی اہلیت کی بنیاد پر تمام لوگ خفیہ بیلٹ کے، مطلب یہ ہے کہ اس خفیہ Balloting کے ذریعے جو ہے، وہ تمام لوگ اس کو Elect کریں گے اور اس کو Upper House میں پہنچائیں گے (تالیاں) کہ جہاں پہ-----

(قطع کلامی)

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب! یہ بہت سنجیدگی کی بات ہے-----

<u>جناب سپیکر:</u> جی، جی میڈم۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر! یہ بہت سنجیدگی کی بات ہے، میں اپنے بھائی سے درخواست کروں گی کہ نہ میں یہاں پہ آج ان سے لڑنے کے موڈ میں ہوں کیونکہ یہ میرے متعلق بھی بات ہوئی ہے، یہ آپ کے متعلق بھی یہ بات ہوئی ہے، یہ ان کے متعلق بھی بات ہوئی ہے، یہ ان کے متعلق بھی ہوئی ہے اور ان کے متعلق بھی بات ہوئی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بات جاری رکھیں جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہاں پہ ہر شخص کا ضمیر ہے، یہاں پہ ہر شخص کا معیار ہے، یہاں پہ ہر شخص نے اس بندے کو وہاں پہ بھیجنا ہے کہ جو اپنے اپنے اس صوبے کے حقوق کیلئے بات کر سکے، جو اہلیت رکھتا ہو کہ جو وہاں پہ جا کر بات کر سکے، اپنے لوگوں کے حقوق کیلئے لڑ سکے۔ دہشتگردی کے حوالے سے جو ہمارا صوبہ جن نقصانات سے گزر رہا ہے، وہ اس Upper House میں بیٹھنے کے قابل ہو۔ جناب سپیکر صاحب! میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ یہاں پہ آپ کی رولنگ مجھے چاہیئے کہ آپ ان لوگوں کو جو بھی اس قسم کی بات کرتا ہے، وہ لوگ اس ہاؤس کو بدنام نہ کریں، یہ ہاؤس ہے اور یہ ایسا ہاؤس ہے کہ جو پورے خیبر پختونخوا کا جرگہ ہاؤس ہے، مہربانی کریں اور اس جرگہ ہاؤس کو جو ہے تو وہ نہ کریں۔ مہربانی، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اوکے۔ ایک منٹ، نلوٹھا صاحب! موقع دیتے ہیں۔ میں ایک ریکویسٹ کرتا ہوں، ایک منٹ پھر عنایت خان بھی بات کریں گے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ، ان شاءاللہ تعالیٰ ہم سب عہد کرتے ہیں کہ اپنے کردار سے اپنی پاکدامنی ثابت کریں گے ان شاءاللہ تعالیٰ، ان شاءاللہ تعالیٰ (تالیاں) ان شاءاللہ تعالیٰ، ان شاءاللہ تعالیٰ اپنے کردار سے اپنی پوزیشن ثابت کریں گے ان شاءاللہ تعالیٰ۔ یہ اسمبلی ان شاءاللہ مقدس ہے اور، آپ بیٹھ جائیں، پلیز، نلوٹھا صاحب! نلوٹھا صاحب، پلیز۔

سرادر اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع فراہم کیا۔ میں بھی پاکستان مسلم لیگ (ن) کی طرف سے امام بارگاہ کے اوپر جو وحشیانہ حملہ ہوا اور جس درندگی کا مظاہرہ کیا گیا اور وہاں پہ جو ہمارے بھائیوں کو شہید کیا گیا، اس کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتا ہوں اور انتہائی دکھی واقعہ ہوا ہے۔ آرمی پبلک سکول کے بعد یہ دوسرا بڑا واقعہ ہمارے صوبے کے اندر ہوا جس

سے نہ صرف صوبہ خیبر پختونخوا بلکہ اس ملک کے ہر باسی نے دکھ کا اظہار کیا اور ہم ان خاندانوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار بھی کرتے ہیں اور ان کیلئے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔

جناب سپیکر: آمین۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! واقعات تو بہت عرصے سے خیبر پختونخوا میں پچھلے چودہ سالوں سے ہو رہے ہیں دہشتگردی کے بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ یہ صوبہ بارود کی آگ میں جل رہا ہے اور یہاں پہ ہزاروں ہمارے بھائی بہنیں اور بچے دہشتگردی کی نذر ہوئے تو میں اس میں حق بجانب ہوں گا۔ جناب سپیکر صاحب! دکھ کی بات یہ ہے بالکل جس طرح عنایت اللہ خان صاحب نے بات کی ہے، میں ان کی بات کی تائید کرتا ہوں کہ مرکزی حکومت کی بھی ذمہ داری ہے اور صوبائی حکومت کی بھی ذمہ داری ہے، عنایت اللہ خان سے میں پوچھنا چاہتا ہوں، یہ صوبائی حکومت کس مرض کی دوا ہے؟ میں کبھی انکار نہیں کرتا کہ مرکزی حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو دہشتگرد آئے تھے جنہوں نے آرمی پبلک سکول میں۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: تھوڑا پلیز، موقع دیں، نلوٹھا صاحب بات کر رہے ہیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جو دہشتگرد جنہوں نے آرمی پبلک سکول میں آ کے حملہ کیا اور ڈیڑھ سو سے زائد ہمارے بچوں کو شہید کیا، جناب سپیکر صاحب! میں پوچھنا چاہتا ہوں حکومت سے کہ کیا وہ ڈائریکٹ آ گئے تھے، آ کر انہوں نے آرمی پبلک سکول کے اوپر حملہ کیا یا وہ کچھ دن آرمی پبلک سکول کے ارد گرد کے علاقوں میں انہوں نے Stay کیا اور یہ جو واقعہ ہوا امام بارگاہ میں ہوا ہے، یہ بھی کوئی آسمان سے دہشتگرد نہیں اترے، اسی صوبے کے اندر وہ چل کر آئے، انہوں نے یہاں پہ Stay کیا، تو کیا یہ صوبائی حکومت کی اور اس کے سیکورٹی اداروں کی ذمہ داری نہیں ہے کہ ان واقعات کی روک تھام کریں؟ اور جب تک حکومت اپنی ذمہ داری کا احساس نہیں کرے گی جناب سپیکر صاحب! اس صوبے کے عوام غیر محفوظ رہیں گے اور میں یہ سمجھتا ہوں سپیکر صاحب! میں پچھلے کئی دنوں سے دیکھ رہا ہوں کہ آپ جس چیئر پہ بیٹھے ہیں، ہم سب نے حکومت اور اپوزیشن کی تمام سیاسی جماعتوں نے آپ کو بلا مقابلہ منتخب کیا لیکن میں محسوس کر رہا ہوں پچھلے

کئی دنوں سے کہ جناب سپیکر صاحب! آپ حکومت کو تھوڑا ساوہ کر رہے ہیں، ہم نے اعتراض بھی نہیں کیا، تو برائے مہربانی میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت اگر ذمہ داری کا احساس نہیں کرے گی تو اس صوبے کو تباہی کی طرف جناب سپیکر صاحب! یہ صوبائی حکومت دھکیلنے کی کوشش کر رہی ہے خواہ وہ امن وامان کے حوالے سے ہو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ اپنی بات جاری رکھیں، میں صرف اس پہ یہ کہوں گا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: مجھے آپ کی چیئر کے اوپر، کوئی شک وشبہ میں نہیں کرتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ اپنی بات جاری رکھیں، میں اتنا کہتا ہوں کہ مجھ سے "اپنے بھی خفا مجھ سے اور بیگانے بھی ناخوش"، مجھے تو پوزیشن اتنی معلوم ہے۔ بسم اللہ جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ کا حکومت کے ساتھ ہمدردانہ جو رویہ ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سب کے ساتھ ہے، پورے ہاؤس کے ساتھ ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: کہیں ہمیں اپنے اس فیصلے کے اوپر جو ہم نے آج سے دو سال پہلے کیا تھا آپ کیلئے اور ڈپٹی سپیکر صاحب کیلئے، اس فیصلے کے اوپر اپوزیشن کو نظر ثانی کرنے کا موقع نہ فراہم کریں جناب سپیکر صاحب! (قہقہہ) آج تک کتنا عرصہ ہو گیا ہے کہ ڈپٹی سپیکر کی سیٹ خالی ہے جناب سپیکر صاحب! اور جناب سپیکر صاحب! کئی دفعہ آپ وزراء کو تاکید کر چکے ہیں، حکومت کے ذمہ داروں کو تاکید کر چکے ہیں، جناب سپیکر! یہ ممبران اگر کوئی کو سچنز لاتے ہیں اپنے حلقوں کے حقوق کیلئے، صوبے کے عوام کے حقوق کیلئے تو منسٹر صاحب بیٹھا ہوا نہیں ہوتا ہے اور دوسرا منسٹر اس کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، تو سر! آپ مہربانی کر کے ایسا ہو، میں نے اس دن بھی کہا تھا کہ ہم 124 ممبرز آپ کے ساتھ ہیں، آپ کی عزت کے ساتھ ہیں اور آپ کے رتبے کے ساتھ ہیں لیکن آپ جس طرح سیکرٹری صاحبان کو حکم دیتے ہیں، ذرا منسٹر صاحب کیلئے بھی ایسا حکم صادر فرمائیں اور میں سمجھتا ہوں اگر یہ تھک گئے ہیں، ہم نے تو انہیں پانچ سال کیلئے مینڈیٹ دیا تھا، اگر یہ تھک گئے ہیں تو یہ خود بخود چھوڑ دیں اور جو کام اس سے پہلے اپوزیشن کیا کرتی تھی جناب سپیکر صاحب! اگر اپوزیشن اس طرح کا رویہ اختیار کرتی تو حکومت چھ مہینے بھی نہیں چل سکتی تھی،

بے شک، بے شک وہ پاور میں ہوں، ان کے پاس اکثریت ہو لیکن جناب سپیکر صاحب! میں لمبی بات نہیں کرتا، میں نگہت اور کزئی صاحبہ کو تھوڑا سا ضرور Highlight کرنا چاہتا ہوں کہ جب الیکشن کا اعلان ہوا تھا، ابھی الیکشن کا اعلان ہوا تھا کہ جناب چیئرمین تحریک انصاف عمران خان صاحب نے Statement دے دی کہ خیبر پختونخوا سے دو دو کروڑ روپے میں لوگ بک رہے ہیں اور مجھے افسوس ہے امیر جماعت اسلامی صاحب تو ہمارے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے بھی کل بالکل اسی طرح میں نے خود ٹی وی کے اوپر سنا بلکہ جہاں پہ یہ Statement دے رہے تھے، میں وہاں پہ اندر کھڑا تھا تو مجھے دکھ ہوا کہ خیبر پختونخوا کے ممبران اسمبلی بھیڑ بکریوں کی طرح بک رہے ہیں، میں ضرور کہتا ہوں امیر جماعت اسلامی صاحب سے کہ اس ہاؤس کے اندر کوئی بھی ایسا ممبر ہے جو اس حرکت میں، ذلیلانہ حرکت میں ملوث ہے، آپ اس کی نشاندہی کریں، ہم بھی اس کو Discourage کریں گے لیکن خدارا یہ سارے ایوان کے اندر جتنے لوگ بیٹھے ہیں، انہیں اپنے اپنے حلقوں سے یہ مینڈیٹ لیکر آئے ہیں، ان کی توہین نہ کریں، یہ آپ کی مہربانی ہو گی اور جو لوگ اس میں ملوث ہیں، بالکل ہم سب مل کر، ہم سب مل کر ان کو اس حرکت سے اس طرح مجبور کر دیں کہ آئندہ کسی ممبر اسمبلی کو جرات نہ ہو کہ وہ اپنے حلقے کے عوام کے مینڈیٹ کو آ کر یہاں پر پشاور میں نیلام کرے، اس منڈی میں نیلام کرے۔ ان شاءاللہ یہ حمایت کرتے ہیں جس طرح سپیکر صاحب نے ابھی کہا ہے کہ ہم اپنے مینڈیٹ کا احترام کریں گے، اپنے حلقوں کے عوام کا، جنہوں نے ہمیں یہ پگڑی پہنا کر یہاں پر بھیجا ہے، ہم اس پگڑی کو ان شاءاللہ کبھی روندنے کی کوشش نہیں کریں گے، اس کی عزت کا دفاع کریں گے خدا کے فضل و کرم سے۔

<u>جناب سپیکر</u>: ان شاءاللہ و تعالیٰ۔ عنایت خان!

<u>جناب سراج الحق</u>: میں ذرا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ہاں سراج صاحب! سراج الحق صاحب۔

<u>جناب سراج الحق</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ انتہائی قابل احترام جناب سپیکر صاحب! آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور میڈم صاحبہ نے بات کی ہے اور ان کا بھی شکریہ کہ انہوں نے تذکرہ کیا اور مجھے خوشی ہوئی کہ آج ایوان کے اندر یہ احساس موجود ہے کہ اگر کچھ لوگ سرمایہ کی بنیاد پر ماضی کی طرح ممبران اسمبلی کے

حوالے سے سوچ رہے ہیں تو کم از کم اس خاتون نے بھی جواب دیا، مسلم لیگ کے قائد نے بھی جواب دیا اور تمام اپوزیشن اور سرکاری بنچز کے ممبران نے بھی اس کا جواب دیا ہے کہ ان شاءاللہ تعالیٰ اس طرح کے لوگ ناکام رہیں گے۔ جناب سپیکر صاحب، پاکستان میں موجودہ جمہوری طریقہ کار کے حوالے سے، میں نے گزشتہ چھ سات مہینوں میں مسلم لیگ کے ذمہ دار ترین لوگوں سے، پیپلز پارٹی کے ذمہ دار ترین خورشید شاہ صاحب سے، شہباز شریف صاحب سے، عمران خان صاحب سے، حضرت مولانا فضل الرحمان صاحب سے تفصیلی بات چیت کی ہے اور ان کے ساتھ ڈسکشن کی ہے کہ پاکستان کے اندر موجودہ الیکشن کا جو طریقہ کار ہے، اس کو Revisit کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ ایک عام آدمی غریب آدمی سینیٹ میں، اسمبلیوں میں پہنچنا یہ ایک معجزہ بن گیا ہے اسلئے کیوں نہ ہم اس ملک میں متناسب طریقہ کار کو اپنالیں اور میں آپ کے علم میں لانا چاہوں گا اور ایوان کے علم میں بھی کہ میرے ساتھ خورشید شاہ صاحب نے بھی Agree کیا ہے، عمران خان صاحب نے بھی اس پہ اتفاق کیا ہے اور Even شہباز شریف صاحب نے بھی کہ واقعی اس وقت دنیا میں متناسب نمائندگی کے جو سات ماڈلز موجود ہیں، ہمیں ان کو سٹڈی کرنا چاہیئے۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ موجودہ سیچویشن میں باصلاحیت لوگوں کو ان ایوانوں تک پہنچنا مشکل ہو گیا ہے جن کی صلاحیت سے قوم کو فائدہ اٹھانے کی ضرورت ہے۔ جناب سپیکر صاحب! اس میں کیا شک ہے کہ گزشتہ 58 سالوں سے، 68 سالوں سے اس ملک میں سیاست اور جمہوریت یرغمال ہے، اسمبلیاں یرغمال ہیں اور اسی کی وجہ سے پاکستان دولخت ہوا اور اسی کی وجہ سے موجودہ پاکستان بھی ان مسائل اور مشکلات کا شکار ہے جس کا ذکر حضرت مولانا لطف الرحمان صاحب نے بھی کیا اور باقی ممبران بھی کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! میں نسبتاً سمجھتا ہوں کہ خیبر پختونخوا، پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں ان کی سیاست میں زمین اور آسمان کا فرق ہے۔ خیبر پختونخوا میں عام لوگ اسمبلیوں میں پہنچ جاتے ہیں لیکن باقی اسمبلیوں میں تو اس طرح Opportunity عام آدمی کو حاصل نہیں ہے جس طرح یہاں پر ہے اور یہی وجہ ہے کہ چاروں طرف جو اس ایوان میں موجود ہیں، وہ ہماری طرح عام ورکرز ہیں، سماجی ورکرز ہیں اور جاگیر کی بنیاد پر یا سرمایہ کی بنیاد پر نہیں بلکہ صلاحیت اور خدمت کی بنیاد پر اس ایوان میں موجود ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! میڈم نے بات کی، نگہت اورکزئی صاحبہ سے میں اتفاق کروں گا کہ اس وقت سب سے زیادہ مشکلات کا شکار

